ماہنامہ روحانی

# تحفہ روحانیات

## نومبر ۲۰۱۰

سید عابد حسین شاہ

ان اللہ علی کل شئ قدیر

# ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات

ادارہ روحانیات کا انقلابی قدم

جلد نمبر 6 نومبر 2010ء شمارہ نمبر 05




## ترتیب مضامین






ایڈیٹر پبلشر محمد ایاز مزمل حسین شاہ نے منزل آرٹ پریس بوہڑ گیٹ ملتان سے چھپوا کر مکتبہ روحانیات نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان سے جاری کیا

## ملتان مابه جنت اعلیٰ برابراست — آهسته پابنه که ملک سجده می کنند

**(ترجمہ)** ملتان اور جنت کی زمین دونوں برابر ہیں یہاں پر قدم آہستہ رکھو کہ فرشتوں نے اس زمین پر سجدے کئے ہیں۔

اللہ رب العزت نے موجودہ وقت میں انسانوں کے اعمال کی خرابی پر جادو اور جنات کو عذاب کی شکل میں ظاہر فرمایا ہے اس کی مدافعت صرف تعویزات وغیرہ سے نہیں کی جاسکتی جب تک اعمال کی درستگی کی طرف توجہ نہ کی جائے۔

(ابو محمد مصباح العلم)

☆ کلمہ استغفار "أَسْتَغْفِرُ اللهَ رَبِّي مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَأَتُوبُ إِلَيْهِ" (ترجمہ) توبہ کرتا ہوں اللہ سے اپنے تمام گناہوں کی اور وہ توبہ قبول کرنے والا ہے۔

☆ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِهٖ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الْمُزَّمِّلِ وَالْخَصَائِصِ۔

استغفار اور درود پاک کے علاوہ کوئی بھی وظیفہ بلا اجازت نہ پڑھیں۔

## فضائل سورۃ مزمل شریف

### فضائل سورۃ مزمل شریف

**حدیث پاک:** ۔حضور نبی کریم علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا کہ جو کوئی مصیبت کی حالت میں سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس سے اس کی مصیبت کو دور فرما دیگا۔

**حدیث پاک:** ۔اسی طرح ایک اور موقع پر حضور نبی کریم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اور اس کی غربت و مفلسی کو دور کر دیگا۔ جس مشکل کیلئے پڑھیگا وہ مشکل آسان ہو جائیگی۔

**حدیث پاک:** ۔حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ حضور نبی نماز فجر کے بعد مسجد میں تشریف فرما تھے اور صحابہ کرامؓ آپ کے گرد جمع تھے کہ حضرت جبرائیلؑ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہر چار مقرب فرشتوں کو گواہ کر کے فرماتا ہے کہ جو سورۃ مزمل پڑھے گا اس کو عذاب و عقوبت نہ ہوگا اور اس کے گناہ معاف کئے جائینگے اور جہنم کی آگ اس پر حرام ہوگی روایت حضرت شیخ فریدالدین گنج شکرؒ سے منقول ہے کہ

**اگر جو شخص قبر پر ایک بار سورۃ مزمل پڑھے گا تو 300 برس تک صاحب قبر عذاب قبر سے دور ہوگا اور اگر 3 بار کوئی شخص صاحب قبر کیلئے سورۃ مزمل پڑھے گا تو قیامت تک عذاب قبر اس صاحب قبر پر نہ ہوگا آنحضرت نے فرمایا جو شخص سورۃ مزمل کا ورد رکھے گا اس کو دنیا و آخرت میں رنج نہ ہوگا۔**

## حدیث مبارکہ

### احکام نقوش والواح

حضرت ابی خزامہؓ نے اپنے والد محترم سے روایت کی کہ انہوں نے فرمایا "میں نے حضرت محمدؐ دریافت کیا کہ یہ دعا اور تعویز (نقوش اور الواح) جسے ہم اپنی بیماریوں کے سلسلے میں کرتے ہیں اور یہ دوائیں جو ہم اپنے مرض کو دور کرنے کیلئے کرتے ہیں اور یہ احتیاطی تدابیر (وظائف' نقوش اور الواح) جو ہم مشکلوں اور دکھوں سے بچنے کیلئے تیار کرتے ہیں۔ کیا یہ اللہ کی تقدیر کو ٹال سکتی ہیں؟ آپؐ نے فرمایا! یہ سب چیزیں بھی تو اللہ کی تقدیر میں سے ہیں۔

## ذی الحجہ، زکات سورۃ مزمل

ذی الحجہ کا چاند نظر آتے ورد سورۃ مزمل قبل نماز فجر 11 بار پڑھی جائے۔ اس تعداد میں روزانہ 1,1 کا اضافہ کیا جائے۔ یوم عید الضحیٰ یہ تعداد 21 بار پڑھی جائیگی بعد از قربانی پھر سورۃ مزمل اسی روز 21 بار پڑھتے ہوئے بتدریج 1,1 کم کرتے جائیں گے۔ اس طرح جب سورۃ مزمل 1 کی تعداد پر آئے تو روزانہ ورد ایک بار مدامت رکھیں۔ کسی بھی مقصد کیلئے سورۃ مزمل کے اعمال سے فائدہ لے سکتے ہیں اس سے زیادہ بہتر طریقہ یہ بھی ہے کہ اول و آخر درود مزمل جو کہ مزمل روحانی جنتری میں شائع کیا جاتا ہے۔ ورد میں رکھیں درود پاک کی تعداد وہی ہوگی جس تعداد میں سورۃ مزمل کا ورد کیا جائے گا۔

# ستاروں کی چال اور وظیفے کا کمال

## عطارد تثلیث مشتری

| رجال | بعد غروب | رجال | دوپہر | صبح | تاریخ | دن |
|---|---|---|---|---|---|---|
| جنوب مشرق | 17:29 تا 18:02 | مشرق | 11:02 تا 11:51 | 07:21 تا 08:20 | جمعہ | 5 |

[redacted]

(مقصد عمل) ستاروں کی اس سعد ترین نظر میں آپ اپنے ہر نیک مقصد کے لئے عمل کر سکتے ہیں بشرط ہے کہ آپ کی نیت خالص ہو میں کامیابی کے لئے یقین کامل پہلی شرط ہے آپ کی زندگی کا ہر مقصد شادی بیاہ، روزگار، مقدمہ گھریلو لڑائی جھگڑے وغیرہ کے حل کے لئے اس عمل سے مکمل فائدہ لے سکتے ہیں۔

(عمل) 2 رکعت نماز صلوۃ الحاجات + 21 بار درود شریف + 21 بار آیت مبارکہ **ان اللہ علیٰ کل شئ قدیر** + 21 بار درود شریف ہر روز بعد نماز فجر 21 بار اسی طرح آیت مذکورہ کا ورد کریں جلد ہی مطلوبہ مقصد پورا ہوگا۔ آیت مذکورہ کو 107 بار کاغذ پر لکھ کر اپنے سیدھے بازو پر بھی باندھ لیں۔ نیچے اپنا مقصد دعائیہ انداز میں لازمی لکھیں۔

## مریخ تسدیس زحل

| رجال | بعد غروب | رجال | دوپہر | صبح | تاریخ | دن |
|---|---|---|---|---|---|---|
| شمال مشرق | 20:41 تا 21:46 | شمال مغرب | 13:46 تا 14:41 | 09:21 تا 10:14 | سوموار | 15 |

[redacted]

(مقصد عمل) ستاروں کی اس نظر کے تحت ایسے افراد جن کی فصل کسی بیماری کی وجہ سے خراب ہو جاتی ہو یا وہ افراد جو کہ زیادہ عمر ہونے کے باعث خون کی کمی کا شکار ہوں یا وہ افراد جن کے دل میں بزدلی اور خوف بے انتہا ہو سیاروں کی اس نظر سے فائدہ لے سکتے ہیں۔

(عمل) عمل کے لیے دو انچ لمبائی چوڑائی کا ٹین کا ٹکڑا لیں اس کے کنارے گول کرنے کے بعد ان پر **یا حیی یا ممیت** اسمائے حسنیٰ اس طرح تحریر کریں کہ پہلے ان اسمائے حسنیٰ کے ایک ایک حرف کو علیحدہ علیحدہ ایک دوسرے کے فاصلے سے لکھیں۔ مثلاً ح ی ی م م ی ت ان حرف میں اپنا مقصد مثلاً "دفع امراض" ہے تو اس نام کے حرف کو بھی ایسے ہی الگ الگ کر کے ایک حرف کے بعد لکھ دیں جو اس طرح سطر بنے گی

ح د ی ف ی ع م ب م م ی ا ت ر ی اسی وقت میں ان دونوں اسمائے حسنیٰ کو ملا کر 1100 بار ورد کریں اول آخر درود شریف 11 بار پڑھیں اور اس لوح پر پھونک دیں۔ اس لوح کو اپنے پاس رکھیں۔ فصل کی خرابی کا ڈر خوف ہو تو کھیت میں اس لوح کو لٹکا دیں خون کی کمی بزدلی اور خوف کی کیفیت ہو تو سیدھے بازو پر اس لوح کو باندھ لیں بعد عمل روزانہ ان دونوں اسمائے حسنیٰ کا ورد 108 بار کریں انشاءاللہ دوبارہ نہ تو فصل خراب ہوگی اور نہ ہی خون کی کمی ہوگی اور نہ ہی دل میں بزدلی اور خوف کی کیفیت ہوگی یاد رہے کہ لوہے کی تختی پر یہ لفظ لوہے کی قلم (کیل) سے کندہ کیے جائیں۔

## شمس تثلیث مشتری

| رجال | بعد غروب | رجال | دوپہر | صبح | تاریخ | دن |
|---|---|---|---|---|---|---|
| شمال | 18:30 تا 19:35 | شمال مشرق | 13:46 تا 14:41 | 11:58 تا 12:52 | منگل | 16 |

[redacted]

(مقصد عمل) یہ ایسا وقت ہے کہ جس میں لکی نمبرز پرائز بانڈ، کمیٹی یا اسی طرح کے دوسرے انعامی چانس کی سکیموں میں مفت کی دولت مل سکتی ہے ستاروں کی اس نظر کے تحت غربت اور افلاس چند ہی دنوں میں ختم ہو جاتا ہے شرط ہے کہ آپ کی طرف سے عمل میں کوئی غلطی یا کوتاہی نہ ہو۔ ضروری ہی نہیں ہے اس عمل کی برکت سے آپ کا انعامی چانس نکلے بلکہ اللہ کی طرف سے کئی اور رستے بھی رزق کو فراغ کرنے کیلئے مل جاتے ہیں۔

(عمل) 1 تسبیح استغفار + 21 بار درود شریف + 21 سورہ مزمل + 21 بار درود شریف پڑھیں بعد میں ایک سفید کاغذ پر اسمائے الہٰی "یا مغنی یا زکی" "یا مغنی یا لطیف" 7 بار لکھیں اس کاغذ کو نقش کی صورت میں لپیٹ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھ لیں ہر روز 21 بار سورہ مزمل اول آخر درود شریف 21 بار بعد نماز فجر پڑھ کر اس باندھے ہوئے نقش پر پھونک دیں جو لوگ سورہ مزمل نہ پڑھ سکیں وہ مذکورہ اسم الہٰی کا ورد عمل کے وقت 117 بار کریں۔

## عطارد تسدیس زحل

| دن | تاریخ | صبح | دوپہر | رجال | [illegible] | [illegible] |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 18 | جمعرات | 10:11 تا 11:05 | 11:58 تا 12:52 | شمال | 18:30 تا 19:35 | مشرق |

[redacted]

(مقصد عمل) ستاروں کی اس نظر میں اپنی مشکلات کے حل کے لیے عمل کر سکتے ہیں خواہش جائز ہونی چاہیے آج کے عمل سے انشاللہ تعالی حاصل ہوگی۔

(عمل) 21 بار درود شریف +21 بار سورة مزمل +21 بار درود شریف آخر میں پڑھیں بعد پڑھائی سفید کاغذ پر زعفران کی سیاہی سے سورة مزمل لکھیں اس کاغذ پر اپنا مقصد دعائیہ انداز میں لکھیں اس لکھے گئے کاغذ کو فریم بنوا کر دوکان یا مکان میں لٹکا دیں دوکان کی بندش ختم ہوگی رزق میں اضافہ ہوگا بچیوں کے رشتے کے بارے میں پریشان والدین اس کاغذ کو تعویذ کی صورت میں لپیٹ کر بچی کی دائیں بازو پر باندھ دیں ہر روز بعد نماز فجر 7 بار اول آخر درود شریف اور 7 بار سورة مزمل پڑھ کر اس کاغذ پر دم کریں۔

## عطارد قران مریخ

| دن | تاریخ | صبح | دوپہر | رجال | [illegible] | [illegible] |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 20 | ہفتہ | 11:06 تا 11:58 | 14:39 تا 15:33 | جنوب مشرق | 21:45 تا 22:53 | جنوب مغرب |

[redacted]

(مقصد عمل) ستاروں کی اس نظر کے تحت آپ اپنے دشمن کو تباہ و برباد کرنے کے لیے یا اُس کے کاروبار کو بند کرنے کے لیے عمل کر سکتے ہیں یاد رہے کہ معمولی رنجش کی بناء پر یہ عمل کرنے والا خود بڑی مُصیبت میں گرفتار ہو جائے گا عمل صرف ایسی جگہ کیا جائے کہ جو شخص ناجائز طریقہ سے کمائی گئی مال و دولت کے سر پر غرباء اور شریف لوگوں کو بلاوجہ تنگ کرتا ہے۔

(عمل) اس وقت سے قبل ان جگہوں کی مٹی حاصل کر لیں، گدھے کے لیٹنے کی جگہ کی مٹی + عیسائی قبرستان کی مٹی + کھنڈر مکان کی مٹی + فقیر کی جھونپڑی کی مٹی + مسلمان قبرستان کی مٹی + صحرا کی ریت + خود کشی سے مرنے والے کی قبر کی مٹی کو ایک جگہ جمع کر لیا جائے اور دیے گئے وقت اور سمت کے مطابق 80 بار سورة الھب مع تکبیر یعنی بسم اللہ اکبر اس مٹی کو جس شخص کو تباہ و برباد کرنا ہو اُس کے دوکان یا مکان میں ڈال دی جائے وہ شخص جلد ہی تباہ و برباد ہو جائے گا ناجائز عمل کرنے والا یا کسی کو ناحق تکلیف پہنچانے والا اس عمل کے اثر سے چند دن میں ہی خود تباہ و برباد ہو جاتا ہے۔

## عطارد تربیع مشتری

| دن | تاریخ | صبح | دوپہر | رجال | [illegible] | [illegible] |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 25 | جمعرات | 06:48 تا 07:40 | 12:53 تا 13:46 | شمال | 19:30 تا 20:37 | مشرق |

[redacted]

(مقصد عمل) آپ اس دوران ایسے دشمن کی جائیداد یا عمارت کو تباہ و برباد کر سکتے ہیں کہ جس عمارت میں غیر شرعی اور ناجائز کام ہوتے ہوں یا ایسے افراد جو کہ ناجائز طریقہ سے کمائی گئی دلت سے شرفاء کو تنگ کرتے ہوں یا ایسے افراد جو کہ کسی ظالم شخص کے ہاتھوں تنگ آچکے ہوں اور طاقتور شخص کے سامنے کمزور ہوں اس عمل سے فائدہ لے سکتے ہیں۔

(عمل) 9 عدد ایسی قبروں کی مٹی حاصل کی جائے کہ جو لوگ قتل ہوئے ہوں یا خود کشی کی گئی ہو یا کسی طویل بیماری کے سبب موت واقع ہوئی ہو۔ ان 9 قبروں کی مٹی کو اکھٹی کر لیں بغیر بسم اللہ اور درود شریف کے اس مٹی پر 90 بار سورة الھب پڑھ کر اس مٹی پر پھونک دیں اور پھر کسی بھی وقت اس عمارت یا اُس جگہ کو جسے برباد کرنا ہو وہاں پھینک دیں گے۔ روزانہ 80 بار سورة مزمل بعد نماز عشاء 8 روز تک بلاناغہ پڑھیں

## مریخ تربیع مشتری

| دن | تاریخ | صبح | دوپہر | رجال | [illegible] | [illegible] |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 29 | سوموار | 08:32 تا 10:17 | 14:38 تا 16:23 | شمال مغرب | 21:45 تا 00:01 | شمال مشرق |

[redacted]

(مقصد عمل) ستاروں کی اس نظر کے تحت آپ اپنے دشمنوں پر غلبہ حاصل کرنے کے لیے اور اُن کو زیر کرنے کے لیے کر سکتے ہیں۔

(عمل) 1 تسبیح استغفار کی اور 21 بار درود شریف + سورہ کوثر 80 بار + سورة تبت یدا 80 بار + درود شریف پڑھنے سے پہلے 7 قبروں مٹی جمع کر لیں یہ تمام کچھ پڑھ کر اس مٹی کو دشمن کی طرف ہوا میں اُڑا دیں بعد میں 80 روپے کسی حق دار کو یا مسجد میں ڈال دیں۔ مگر یہ یاد رکھیں کہ یہ عمل ناجائز کرنے پر بہت بڑے اور نحس اثرات ڈالتا ہے بعض اوقات ناجائز کرنے والے کی ہلاکت بھی ہو جاتی ہے جہاں اشد ضرورت ہو وہیں کریں۔

## عطارد تسدیس زہرہ

| دن | تاریخ | صبح | دوپہر | رجال | [illegible] | [illegible] |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 30 | منگل | 08:32 تا 10:17 | 14:38 تا 16:24 | شمال مشرق | 21:46 تا 00:01 | شمال |

[redacted]

اس کالم میں دیے گئے سمت رجال الغیب کی جانب اپنا چہرہ کریں گے تو رجال الغیب آپ کی پشت پر ہونگے۔

(مقصد عمل) سیاروں کی اس نظر کے تحت دوستی اور محبت پیدا کرنے کے لیے عمل کیا جاتا ہے ایسے شخص جو کہ عرصہ دراز سے کسی کو چاہتے ہوں مگر اُس سے اظہار نہ کرسکتے ہوں۔ دیئے گئے عمل سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔

(عمل) مقررہ وقت پر اول آخر درود شریف 20 بار پڑھیں لیکن اس سے قبل اپنے منہ میں پانی بھر لیں تمام عمل دل ہی دل میں پڑھا جائے گا درود شریف پڑھنے کے بعد 20 بار **یا بدوح** پڑھیں آخر میں اس پانی کو کسی پاک صاف برتن میں نکال دیں اور جس شخص کو اپنا مطیع و فرمانبردار بنانا ہو اس کے چند قطرے کسی بھی چیز میں ملا کر اُس کو پلا دیں۔ تاحیات وہ شخص تابع رہے گا، مگر اس راز کو کسی سے نہ کہیں ورنہ عمل باطل ہو جائے گا۔

نقش بنانے کے لیے عدد 20 میں طالب اور مطلوب کے نام مع والدہ کے شامل کریں، مخمس آبی، بادی پیتل کی تختی پر پُر کریں اس تختی کو مختلف رنگوں کے کپڑے میں لپیٹ کر عطر اور گلاب کی خوشبو لگا کر اپنے پاس رکھیں مطلوب کے سامنے جاتے ہی 20 بار **یا بدوح** سانس اندر کی جانب کھینچتے ہوئے پڑھیں اول آخر درود شریف 1 بار پڑھا جائے گا۔ سانس باہر نکالتے ہوئے مطلوب کے چہرے کی جانب پھونک دیں حیرت انگیز نتائج برآمد ہونگے انشاءاللہ۔

## حالت قمر

**قمر در عقرب:۔** 05 نومبر 11:47 تا 07 نومبر 13:29

**ہبوط قمر:۔** 05 نومبر 14:32 تا 16:11

**قمر در ثور:۔** 19 نومبر 15:05 تا 21 نومبر 23:47

**شرف قمر:۔** 19 نومبر 18:55 تا 20:51

**شادی بیاہ کی تاریخیں**

**7.8.9.10.11.12.13.17.18.24.25**

## نوٹ فرمالیں!

قارئین تحفہ روحانیات سے التماس ہے کہ نقوش اور عبارت عمل کی خود بھی پڑتال کرلیں۔ ادارہ کی جانب سے ان باتوں کا خاص خیال رکھا جاتا ہے مگر پھر بھی غلطی کا احتمال ہے خاص طور سے قرآنی آیات کو قرآن پاک سے پڑتال کریں۔ بہت باریکی سے خیال رکھنے کے باوجود دینی عبارات یا قرآن پاک آیات کی کمپوزنگ غلطی لاعلمی میں ہو سکتی ہے۔ قارئین خود بھی احتیاط کریں۔

(ادارہ)

## سبع طلسمات در سیارگان

### طلسم شمس

هـــه
س کهمهمسط
معـــع
طـــم

### طلسم قمر

٥٥٥ ــ لــل
طلسطلسهما لا
١١١ح٥ص ص م م م م

### طلسم عطارد

ممه مه د
عسرلاع ص
مسلسامکما

### طلسم زهره

عاهالامه له
الالمس کمص

### طلسم مریخ

٥٥٥
ع ع اه د ص
س س س

### طلسم مشتری

مصـــه هـــه
علمسطه
ممه
مـــه

### طلسم زحل

صـــه
طس
مهکمهع
٥١٥١٥١

قارئین کرام سے التماس ہے کہ سبع سیارگان کے ان طلسمات کو اپنی بیاض خاص میں نوٹ فرمالیں تاکہ عمل خیر یا لوح کندہ کرنے کے بعد پشت پر یہ طلسمات بنائے جا سکیں۔ سیارگان کی اہم نظرات کے علاوہ شرف واوج میں بھی یہ طلسمات بہت زیادہ اہمیت رکھتے ہیں۔ (ادارہ)

## اعراب دینے کا طریقہ

### حکماء کے نزدیک دو قاعدے ہیں۔

**قاعدہ اول**

| | | |
|---|---|---|
| حروف سبعہ حارہ مفتوحہ | او یلنع | اَ دَ یَ لَ مَ نَ عَ |
| حروف سبعہ باردہ مضمومہ | جزکس فتخ | جُ زُ کُ سُ فُ تُ خُ |
| حروف سبعہ طبہ مکسورہ | ہوشتذصط | ہِ رِ سِ ثِ ذِ ضِ ظِ |
| حروف سبعہ یا لسبہ مجزدمہ | بحطغضق | تْ ذْ خْ ظْ غْ ضْ قْ |

اُ ہُ طُ مُ فُ شُ ذُ — بَ وَ یَ نَ صَ تَ ظَ

جِ زِ کِ سِ قِ ثِ ظِ — دُ حُ لُ عُ رُ خُ غُ

### دوسرا قاعدہ اعراب کا

حکماء نے حروف آتشی اھطمفشذ کو پیش دیا ہے۔ کیونکہ آتش علو فوقی ہے۔ اور حروف بادی لوین معض کو فتح دیا ہے۔ کہ ہوا کو علو سطحی حاصل ہے۔ اور حروف آبی جزکس قشظ کو کسرہ دیا ہے۔ کیونکہ حیعت آب میں پستی ہے۔ اور حروف خاکی دحل عرخغ کو سکون دیا ہے۔ کہ خاک ساکن ہے۔ جدول اس کی یہ ہے۔

حروف سبعہ ناریہ حارہ یا لسبہ مرفوعہ
حروف سبعہ ہوائیہ حارہ رطبہ منصوبہ
حروف سبعہ مائیہ باردہ رطبہ مجردرہ
حروف سبعہ ترابیہ باردہ یا لسبہ مجزومہ

# جادو کی کاٹ

تحریر:۔ محمد احمد عزیز (بہاولنگر)

انسان کو کئی بار پریشانیاں اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے کچھ لوگ باہمت ہو کر ان مسائل سے نجات پالیتے ہیں اور کچھ ان مسائل میں الجھ کر مزید اپنی زندگی کو پریشان کن بنا لیتے ہیں بعض اوقات یہ مسائل' مصائب' پریشانیاں' مشکلات اللہ تعالیٰ کی جانب سے آزمائش کے طور پر نازل کی جاتی ہیں اور بعض اوقات اپنے ہی اعمال کا پیش خیمہ ہوتی ہیں لیکن بعض اوقات شیطانی قوت رکھنے والے جو کہ شر کا دماغ رکھتے ہیں۔ پرسکون اور خوشحال زندگی گزارنے والے لوگوں کی راہ میں کانٹے بھر دیتے ہیں ایسے شیطانی جادوگروں سے اللہ تعالیٰ کل مسلمانوں کو محفوظ رکھے۔ (آمین)

حال میں ایک واقعہ میرے ایک قریبی ملنے والے کے ساتھ پیش آیا۔ اس جادوئی قوت کے اثرات کلام الٰہی سے ختم کئے گئے تفصیلاً نہیں تو بہت مختصر قارئین کی خدمت میں یہ واقعہ اور جادو کی کاٹ کا عمل حاضر خدمت ہے۔

قارئین وک گوش گزار کردوں کہ یہ مجرب اور آسان عمل مجھے میرے استاد محترم ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کی جانب سے عطا کیا گیا تھا۔ فراغ دلی کا ثبوت دیتے ہوئے ماہر روحانیات نے اس عمل کی اجازت اس مضمون کے ذریعہ ہر اُس خاص و عام کو دے دی ہے جو کہ جادوگروں اور شیطانی قوت رکھنے والے افراد سے پریشان ہیں۔ واقعہ اس طرح ہے کہ کچھ عرصہ پہلے ہمارے علاقے میں ایک تعلیمی ادارے کے پرنسپل سے ایک واقعہ بندش کے حوالہ سے پیش آیا تھا وہ اس طرح کے پرنسپل ادارہ بہت ہی مخیر اور محنتی انسان تھا اسکی تھوڑی ہی عرصہ میں محنت کی وجہ سے علاقہ میں ایک شہرت اور نام ہو چکا تھا۔

کہ اچانک اس پر ایسے حالات پڑے کہ اسکا سنبھلنا مشکل ہو گیا۔ اس نے کچھ عرصہ ادھر ادھر کی ٹھوکریں کھا کر مجھ سے رابطہ کیا اور اپنے حالات مجھے بتائے کہ میں صبح کے وقت گھر میں غسل کر کے کمرہ میں بیٹھا تھا کہ اچانک مجھ پر کچھ چیزیں اور بوسیدہ کاغذ کے ٹکڑے گرے اسکے ایک گھنٹہ بعد ادارہ سے فون آیا کہ ادارہ میں حالات بہت خراب ہو چکے ہیں اور ادارہ پولیس کے گھراؤ میں آچکا ہے اور سارا علاقہ اس بات پر پلٹ چکا ہے کہ اسکو ہمیشہ کے لئے بند کر دیا جائے ایسے حالات میں اس نے مجھ سے رابطہ کی مجھ سے میری تشخیص میں کسی عامل کی کارستانی نظر آئی پھر مزید میں نے استاد محترم محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے راہنمائی حاصل کی آپ نے بھی بندش کی طرف اشارہ کیا اور پھر مجھے استاد محترم نے ایک زبردست عمل دفع اثرات بندش کا تعلیم دیا۔ (درج ذیل ہے)

اپنا اور گھر کا حصار کریں۔

1:۔ چھری پر ایک ہزار بار (نَعُوذ) پڑھیں اور اس چھری سے ایک سفید کاغذ کو سات بار کاٹیں

اس طرح اس عمل کو سات دن تک جاری رکھیں پھر وہ کاغذ جلا دیں اور پانی میں بہا دیں۔

2:۔ پھر سات دن اسی طرح ایک ہزار کی تعداد سے پڑھکر سامنے پانی رکھ کر سات مرتبہ اسکو کاٹیں۔

3:۔ پھر اسی طرح سے ایک ٹھیکری خود تر مٹی سے بنا کر اسکو بھی سات دن کاٹیں۔

میں نے یہ عمل شروع کر دیا ابھی اکیس دن مکمل نہیں ہوئے تھے کہ دوبارہ وہ ادارہ اب تک ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔

اس عمل سے ہر قسم کی بندش کو ختم کیا جا سکتا ہے کارخانہ فیکٹری سٹور دوکان مکان شادی اور دیگر ہر بندش کا مستند اور پرتاثیر عمل ہے آسان اور سہل عمل ہے جو دوست بھی پڑھے اسکو اپنی بیاض میں نوٹ کرے اور اللہ کی سرزمین پر پریشان مخلوق کی خدمت کرے اور دنیا آخرت میں کسی کے کام آکر سرخروئی حاصل کریں۔

آخر میں استاد محترم محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب اور مجھ فقیر قاری محمد احمد کو دعا میں یاد رکھیں۔

## غلطی کی اصلاح

روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات میں دیئے گئے عربی آیات میں اعراب خود درست کرلیں یا کسی حافظ سے کروالیں اس کے علاوہ نقوش کی پڑتال بھی خود لازمی کریں مضمون شائع کرنے سے قبل ان چیزوں کا خیال ادارہ کی جانب سے رکھا جاتا ہے لیکن پھر بھی غلطی کا احتمال ہے۔

# شمس مشتری تثلیث

تحریر:۔آغا زاہد علی شاہ حیدری نجفی (راولپنڈی)

شمس سیارگان فلکی میں سب سے بڑا اور شہنشاہ کا درجہ رکھتا ہے۔سب سے زیادہ نورانی اور طاقتور اثر زمین پر ڈالنے والا ہے۔زندگی اور روح کی توانائی اسی سے قوت پاتی ہے۔اس لئے اس کی تمام نظرات خاص اور اہم ہوتی ہیں یہی وجہ ہے کہ عاملین اور کاملین کے نزدیک توجہ کے قابل رہا ہے۔اس وقت جو مخفی قوتیں زمین پر اثر انداز ہوتی ہیں۔اگر انکو ضبط میں لایا جائے تو وہ اپنی طاقت سے حاصل کیلئے عظیم ہیبت، رعب اور قوت پیدا کریگا اور ممتاز حیثیت تک لائے گا جس سے ساکنان موجودات میں اس کا مرتبہ بلند ہوجائے گا۔لہذا اعامل اور جفار اس موقع پر ایسے عملیات تیار کرتے ہیں جو تسخیر خلائق، افزونی جاہ اور مرتبت اور ترقی وضاحت کیلئے ہوتے ہیں۔قدیم زمانے میں بادشاہ اور امراء مدد لیا کرتے تھے۔عوام تک ان کی پہنچ نہ ہوتی گو اب بھی بعض حکام اس کو تیار کرواتے ہیں جو بقائے ملازمت اور دبدبہ کا کام دیتی ہے۔

اسی طرح سیارہ مشتری جسے مال و دولت کا سیارہ کہا جاتا ہے مختلف اثرات ظاہر کرتا ہے۔دولت سے متعلقہ دونوں سیارگان کے درمیان قائم ہونے والی نظر تثلیث اس ماہ جبکہ وقت نظر سیارہ شمس کا قیام برج عقرب اور مشتری برج حوت میں موجود ہے۔دونوں بروج باہم دوستی کا درجہ رکھتے ہیں۔ان بروج کا تعلق آب سے ہے۔بندشوں کو کھولنے کیلئے بھی اس دوران عمل کیا جاسکتا ہے مگر موجودہ زمانے میں تجارت ملازمین اور ڈاکٹر، لیڈر، وزراء سب اس سے یکساں فائدہ اٹھاسکتے ہیں۔اس لیے کہ اشاعت علم کا زمانہ ہے تمام مخفی علوم سب پر ظاہر ہورہے ہیں میں ایک مخفی علوم رکھتا ہوں۔گو مشکل ہے حل کرنے میں بہت وقت لے گا اور محنت بھی لیکن اس کی تیاری میں جو لوگ کامیاب ہوگئے وہ سمجھ لیں کہ دوسرے تمام لوگوں سے مستقبل کی کامیابی کے حصول کے لئے انہوں نے میدان مارلیا۔

اس ماہ شمس مشتری تسدیس کی خاص نظر 15 نومبر 05 بجکر 10 منٹ تا 17 نومبر 04 بجکر 23 منٹ قائم ہورہی ہے اس دوران شمس و مشتری کی تمام سعد ساعتیں کام دینگی خاص طور سے خیال کیا جائے کہ جب شمس کی ساعت میں کام کرنے کی خواہش ہو تو قبل غروب آفتاب شمسی ساعت میں اور بعد غروب آفتاب مشتری کی ساعت سے کام لیا جائے۔خصوصاً وہ لوگ اس نظر میں دونوں سیارگان کی قوتوں سے کام لے سکتے ہیں جن کی رقم قرض کے طور پر کہیں پھنسی ہوئی ہو اور اُس کی وصولی کا کوئی طریقہ کار نہ بن رہا ہو۔ذیل کے عمل سے قبل شمس و مشتری سے متعلقہ دھات سونا چاندی کی ایک لوح یا تختی تیار کی جائے جو لوگ اتنی مالی استطاعت نہ رکھتے ہوں وہ چاندی کی تختی پر سونے کی پالش کروالیں اور جو اتنا بھی نہ کرسکتے ہوں وہ گولڈن کاغذ یا ہرن کی جھلی پر اس نقش کو تیار کرلیں۔اس کے علاوہ کچھ ایسے بھی دوست ہیں جن کیلئے ہرن کی جھلی یا گولڈن کاغذ کا حصول بھی پریشانی کا باعث ہے تو وہ اچھی قسم کے سفید کاغذ پر گولڈن گریٹنگ بال پین سے اس نقش کو تیار کریں بعد از تیاری نقش لوح یا تختی کو مشک لگائیں۔مشک کی استطاعت نہ ہو تو اچھی قسم کی اگربتی بطور بخور سلگالیں۔بہتر ہے کہ صندل کا بخور روشن کیا جائے تاکہ اثرات جلد ظاہر ہوں۔یاد رہے کہ نقوش کی تیاری میں زعفران کی سیاہی آب زم زم کے پانی میں بھی تیار کرسکتے ہیں اس دوران نقوش تیار کرنے کیلئے قلم کی نب چاندی یا سونے کی ہو تو بھی قوی اثر ظاہر ہوگا۔(بحوالہ نقش رموز الجفر)

سیارگان کے درمیان قائم ہونے والی اس نظر کے تحت جب کسی سے روپیہ لینا ہو اور وہ نہ دیتا ہو یا کسی سے قرضے کی ضرورت ہو اور وہ انکار کرتا ہو یا کسی سے مالی امداد کی ضرورت ہو اور وہ توجہ نہ کرتا ہو تو تالیف قلب کرکے اس سے کام نکالیں تاکہ مطلوب کے دل میں اس قدر انس طالب کے لئے پیدا ہوجائے کہ وہ ہر خدمت کرنے کو تیار ہوجائے۔

ایک مثال لیں جس میں طالب محمد، مطلوب احمد ہے اور طلب 100 روپے کی ہے۔اس عمل میں نقش مخمس سے کام لیں گے۔مخمس ذوالکتابت کے 500 دور ہوتے ہیں۔

(1) اس نقش کے پہلے پانچ خانوں کے دور میں آیت **یُحِبُّونَھُم کَحُبِّ اللہِ وَالَّذِینَ اٰمَنُوا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ** کے اعداد 1493 پُر کرنے ہیں۔

(2) دوسرے پانچ خانوں کے دور میں جلب قلب کے اعداد 163 میں مطلوب احمد کے 53 عدد جمع کرکے 220 پُر کرنا ہے۔

(3) تیسرے پانچ خانوں کے دور میں طالب و مطلوب کے اعداد 145=92+53 کو پُر کرنا ہے۔

(4) چوتھے پانچ خانوں کے دور میں عدد آیت اور طالب و مطلوب کے

اعداد یعنی 1638=1493+96+539 کو پُر کرنا ہے۔

(5) پانچویں دور کے پانچ خانوں میں طلب یعنی یکصد رُوپے کے عدد 347 میں لا کے عدد 31 جمع کر کے 378 کو پُر کریں۔

چال نقش

نقش مبارک

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ٢٥ | ١٩ | ١٣ | ٧ | ١ |
| ٨ | ٢ | ٢١ | ٢٠ | ١٤ |
| ١٦ | ١٥ | ٩ | ٣ | ٢٢ |
| ٤ | ٢٣ | ١٧ | ١١ | ١٠ |
| ١٢ | ٦ | ٥ | ٢٤ | ١٨ |

شفقائیل — جبرائیل — شمکائیل

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ٣٧٨ | ١٢٣٨ | ١٤٥ | ٢٢٠ | ١٤٩٣ |
| ٢٢١ | ١٤٩٤ | ٣٧٤ | ١٦٣٩ | ١٤٦ |
| ١٦٣٥ | ١٤٧ | ٢٢٢ | ١٤٩٥ | ٣٧٥ |
| ١٤٩٦ | ٣٧٦ | ١٦٣٦ | ١٤٣ | ٣٢٣ |
| ١٤٦ | ٢١٩ | ١٤٩٧ | ٣٧٧ | ١٦٣٧ |

عزرائیل — اسرافیل

لوبیائیل — فقطشائیل

اب مندرجہ بالا تمام حسابی عمل کو ذیل کی چال سے اور ذیل کے طریقوں سے نقش کے اندر پُر کریں۔ دور اول کے پانچ خانوں میں 1493 سے 1497 تک عدد آئیں گے۔

دور دوم میں 220 عدد سر لوح آنا ہے اس لیے ایک عدد کم کر کے خانہ 6 میں 219 لکھیں گے اور ترتیب سے 5 خانے پُر کریں گے۔

دور سوم میں سر لوح 145 عدد آئیں گے اس لئے دو عدد کم کر کے خانہ 11 میں لکھ کر پانچ خانے پُر کریں گے۔

دور چہارم میں 1638 عدد آئیں گے اس لئے تین عدد کم کر کے خانہ 16 میں لکھے اور ترتیب وار پانچ خانے پُر کریں۔

اب یہ نقش مکمل ہے لیکن سر لوح ہندسے نہ لکھے جائیں بلکہ جب وہ خانہ لکھنے کی باری آئے۔ تو اصل عبارت لکھی جائے مثلاً اس مثالی نقش کے سر لوح یہ عبارت آئے گی۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| یک صد روپے | محمد۔ یُحِبُّو نَهُم کُحُبِّ اللہ وَالّذین اٰمَنُو اَشَدُّ حُبًا لِلّٰہ احمد | محمد احمد | جلب قلب احمد | یُحِبُّو نَهُم کُحُبِّ اللہ وَالّذین اٰمَنُو اَشَدُّ حُبًا لِلّٰہ |

اس نقش کے نیچے مندرجہ ذیل عزیمت لکھنی چاہیے

عَزَمتُ عَلَیکُمْ یَا صبَائیل یا بخائیل یا غبتصجائیل

وَیَا سَیّدُ المُطَرُوْنَ تَسَلَّطُوْا عَلٰی وُجُودِ احمد محبّت و مودت محمد طَلَبُوْ مبلغ یك صد روپیه سکه رائج الوقت بحق یا اَللّٰهُ یَا حَکِیمُ یا مُجِیبُ یا دَائِمُ و بحق آیه پاك یُحِبُّو نَهُم کُحُبِّ اللّٰه وَالّذِین اٰمَنُو اَشَدُّ حُبًا لِلّٰه

پہلا موکل اسم طالب محمد عدد 92 کا ہے۔ دوسرا موکل عدد مطلوب احمد 53 کا بنایا ہوا ہے۔ تیسرا موکل آیات کے اعداد 1493 کا ہے۔ چوتھا موکل تمام ملائکہ کا سردار ہے۔

اسماء باری تعالیٰ اسم مطلوب احمد کے ہر حرف کے مطابق لیے جائیں گے۔ بس یہی عمل کا طریقہ ہے اس کے دو نقش تیار کرنے چاہیے ایک کو طالب اپنے بازو پر باندھے دُوسرے کو اپنے مکان یا مکان میں درخت ہو اس پر لٹکا دے تا کہ ہوا سے ہلتا رہے۔ انشاءاللہ مطلوب طالب کی طلب جلد پوری کرے گا۔

## برائے ترقی روزگار

تحریر:۔ سید شاہد حسین شاہ نقوی (ملتان)

موجودہ وقت میں سب سے بڑی پریشانی بے روزگاری ہے بہت سے ایسے لوگ بھی ہیں جن کا روزگار تو ہے مگر صرف اس حد تک روزی ملتی ہے کہ مشکل سے دال روٹی پوری ہوتی وسعتِ روزگار کیلئے مجرب وظیفہ ہے۔ شروع کرنے پہلے تین مرتبہ بسم الله الرحمن الرحيم پڑھیں پھر الصلوة والسلام عليك يا رسول الله يٰسين بحرمتك يٰسين يٰسين يٰسين پھر سورۃ شروع کرے۔ يٰسين صلى الله عليه وسلم والقرآن الحكيم انك لمن المرسلين پڑھتا جائے جب مبین اول پر پہنچے تو سات بار مبین پڑھکر تکرار کرے پھر یہ دعا پڑھے بار بار یاسمیع ٥ یامولا ٥ یاغوث ٥ محمد ٥ یاالله اسئلك بحق يٰسين بحق اسمك المبين سخرلی رزق و صمد ٥ وزیاده ٥ میر نبیك صلى الله عليه وسلم پھر شروع کرے اور تین بار بسم الله الرحمن الرحيم پڑھ کر بدستور الصلوٰة والسلام عليك يا رسول الله يٰسين الخ

اسماء اور دعا دوسری مبین پر پھر تیسری پر پڑھتا ہوا ساتویں پر پہنچے اور پھر شروع سے پڑھکر تمام کرے یہ ایک دفعہ ہوئی اس طرح تین دفعہ پڑھے 41 روز پڑھنے کے بعد سورۃ تمام ہوگی۔ اس کے روزانہ ایک بار مبین در مبین ہفت روزہ پڑھتا رہے اس کی برکت سے جو دل کی مراد پوری ہوگی۔

# رحمکاریہ جفر
# لوح تسخیر خاص

تحریر:۔ سید شعیب الرحمٰن شاہ (ایبٹ آباد)

قرآن مجید کی عظمت و کرامت سے کون مسلمان واقف نہیں یہ جس نبیؐ پر نازل ہوا وہ نبیؐ افضل انبیاء جس مہینہ میں نازل ہوا وہ مہینوں میں افضل ترین مہینہ جو فرشتہ لیکر آیا وہ افضل الملائکہ اور جس امت کے لئے آیا وہ امت تمام امتوں سے افضل پھر اہل عرفان سے پوشیدہ نہیں کہ اس پر عمل کے فوائد جدا اسکے حفظ کرنے کے مراتب الگ اسے لکھ کر پاس رکھنے کے نتائج اور اس کے ورد تلاوت کے اثرات مختلف مولائے متقین امیر المومنین حضرت علیؓ نے اپنے بیٹے حنیفہ کو روزانہ تلاوت کرنے کی تاکید کی اور ابن عباسؓ کو پوچھنے پر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے اتنے معنی اور خواص بتائے کہ فجر ہوگئی اور پھر آپ نے فرمایا کہ اے عباسؓ اگر اور رات ہوتی اور مجھے فرصت ہوتی تو اس آیت کی اتنی خصوصیات اور تشریحات بتاتا تو ستر اونٹوں کا بار ہو جاتا۔ لوح تسخیر رحمکاریہ، رحمکاریہ جفر کے کمالات میں سے ہے۔ یہ لوح اپنے اندر بے پناہ تاثیر رکھتی ہے۔ تو آج کی محفل میں خصوصاً نومبر کے تحفہ روحانیات 2010 کیلئے ایک خاص عمل لیکر حاضر ہوں۔ میں پہلے بھی کئی بار مختلف نظرات پر مختلف الواح کا لکھ چکا ہوں جس کو قارئین تحفہ روحانیات نے بے حد پسند کیا ہے۔

اس لوح مبارکہ کے بے پناہ فوائد ہیں۔ اسکے مختصر فوائد میں لکھ دیتا ہوں۔ تسخیر لوح رحمکاریہ، علم الجفر کا کمال ہے۔ جس میں قرآن پاک کا اعجاز پوشیدہ ہے۔ یہ لوح تمام زندگی کام دیتی ہے۔ جس کے پاس ہوگی اسکا بندشدہ کاروبار کھل جائیگا۔ دوکان میں برکت ہوگی۔ تسخیر خلق ہوگی۔ رجوع خلق، تسخیر مستورات، تسخیر سلطنت، ترقی فتوحات

لوح بنانے کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے۔

1:۔ سورۃ رحمٰن اعداد قمری=1201214

کلمات=351 حروف=1636

کل اعداد=1203201

2:۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم=786

کلمات=4 حروف=19

کل اعداد=809 3:۔ شعیب الرحمٰن=712

لفظ=2 حروف=11

کل اعداد=725 4:۔ مقصد تسخیر خلق=2000

لفظ=2 حروف=8

کل اعداد=2010

اب چاروں مجموعوں کے اعداد جمع کریں

1:۔ سورہ الرحمن=1203201

2:۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم=809

3:۔ شعیب الرحمٰن=725 4:۔ تسخیر خلائق=2010

کل اعداد=1206745

اب مقصد کے اعداد 2010 کو چار میں ضرب دیں 2010x4=8040

اب کل اعداد سے 1206745 تفریق=8040

باقی=1198705

اب 1198705 کو خانہ نمبر 1 سے نمبر 16 تک ہر خانہ میں 2010 کا اضافہ کریں اس طریقہ سے میزان چاروں اطراف سے درست آئیگی۔ اب لوح تسخیر رحمکاریہ تیار ہے جب یہ لوح تیار ہو جائے تو نادعلی صغیر نقش کے نیچے لکھیں۔ پھر 110 مرتبہ نادعلی شریف کا ورد کریں 40 دن تک کریں اور لوح پر دم کریں اور آخر میں یہ کہہ دونگا کہ ایڈیٹر اور مدیر اعلیٰ کیلئے خصوصی دعا کریں کہ اللہ پاک ان کو اچھی صحت اور لمبی عمر عطا فرمائیں اور دن دوگنی رات چگنی ترقی عطا فرمائیں۔ میں نے اپنی طرف سے مکمل تفصیل لکھ دی ہے پھر بھی کسی کو سمجھ نہ آئے تو جوابی لفافہ بھیج کر ادارہ سے رجوع کر سکتے ہیں۔

کفقائیل جبرائیل شمکائیل

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۲۱۲۷۷۵ | ۱۲۱۸۸۰۵ | ۱۲۲۳۸۳۵ | ۱۱۹۸۷۰۵ |
| ۱۲۲۲۸۲۵ | ۱۲۰۰۷۱۵ | ۱۲۱۷۶۵ | ۱۲۲۰۸۱۵ |
| ۱۲۰۲۷۲۵ | ۱۲۲۸۵۵ | ۱۲۱۳۸۵ | ۱۲۰۸۷۵۵ |
| ۱۲۱۶۷۹۵ | ۱۲۰۶۷۳۵ | ۱۲۰۳۷۳۵ | ۱۲۲۶۸۳۵ |

لوبیائیل فقطشائیل

عزرائیل جمعسق — اسرافیل

وکفی باللہ شہیدا محمد رسول اللہ

نَادا عَلِیًّا مظھَرَ العَجَائِبِ تَجِدهُ عَونا لَّکَ فِي النَّوئِبِ کُل ھَمّ وغمِ سَنجلِی بَعَظمَتِکَ یَا اللہ یَا اللہ بِنُبوَاتِکَ یَامُحَمّدِ بَولاَ ءِ تِکَ یَا عَلی یَا عَلی بِرَحمَتِکَ یا اَرحَمَ الرَّاحِمِین

# مریخ تدسیس زحل

مزاجاً یہ دونوں سیارگان ایک دوسرے کی فطرتی دشمن ہیں لیکن ان کے درمیان باہم قائم ہونے والی سعد نظر تسدیس ان کی دشمنی کو ختم کرتی ہے۔ اس سعد وقت میں ترقی عہدہ، عزت، شہرت فتوحات، دینی ودنیاوی، تسخیر خلق، دفع امراض معدہ وقلب، دفع خرابی خون، بخار، پھوڑے پھنسیوں، بواسیر سے نجات کیلئے لوح تیار کی جاسکتی ہے وہ لوگ جن پر جادو ٹونہ کے اثرات بہت جلدی ہوں یا جنات وآسیب کی گرفت میں آجاتے ہوں یا جن پر آئے روز کوئی نہ کوئی شخص خاص وعام دشمن جادو کے وار کرتا رہتا ہوں جس سے زندگی عذاب بن کر رہ گئی ہو۔ اس خاص سعد وقت میں ذیل کا نقش تیار کر کے اپنے پاس رکھنے سے درج بالا تمام مسائل حل ہوسکتے ہیں۔

سیارگان کی یہ سعد نظر 13 نومبر 20 بجکر 50 منٹ تا 17 بجکر 00:56 تک رہیگی دوران نظر مریخ در قوس اور زحل در میزان خانہ شرف ہوگا۔ مریخ کیلئے قوس خانہ مساوی ہے جبکہ زحل کیلئے میزان خانہ شرف ہے۔ اس نظر کے دوران حاصل ہونے والی تمام سعد ساعتیں مریخ وزحل مطلوبہ مقصد کے حصول کیلئے کارآمد ہونگی۔ کوشش کی جائے کہ دونوں سیارگان کی ساعتیں بعد غروب آفتاب استعمال کی جائیں۔ دوران عمل لوزامات عمل مکمل ہوں۔ سلام مریخ وزحل ایک ایک تسبیح پڑھی جائے۔ رجال الغیب پشت کی جانب ہو۔ گوشت اور سیاہ تل ایک ایک پیالی میں وقت عمل پر پاس رکھیں اختتام عمل مناسب سمجھیں تو دونوں اشیاء بخور کیلئے سلگائے گئے کوئلوں پر ڈال دیں ورنہ کھلے میدان میں پھینک دیں۔ وقت عمل سرخ قمیض اور سیاہ شلوار بطور لباس استعمال کریں۔ جانماز پر سرخ وسیاہ رنگ غالب ہو تو بہتر ہوگا ورنہ زمین پر بچھائے گئے کپڑے کی رنگت سیاہ ہو اور سر پر رکھے ہوئے کپڑے کی رنگت سرخ ہو۔

1:۔اعداد حروف نورانی=693

2:۔انا فتحنا لك فتحنا مبینا اعداد=1233

3:۔عمل کلام ربی اعداد=2997

4:۔طالب شعیب الرحمٰن=712 | کل اعداد=5635

تفریق=4050 | باقی=1585

تقسیم=4 | باقی=1

تو خانہ نمبر 1 سے نمبر 16 تک ہر خانہ میں 135 کا اضافہ کریں اور ساتھ میں کوئی سا درود شریف پڑھکر اسکا ثواب حضرت فاطمہ الزہرہؓ کو بخش دیں لوح کے چاروں طرف میزان درست آئیگی۔ یہ میری طرف سے تحفہ قبول فرمائیں۔

شمکائیل — جبرائیل — شفقائیل

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٣٩٦ | ١٠٧١ | ١٧٣٦ | ٢٣٢٢ |
| ١٨٨١ | ٢٢٨٧ | ٥٣١ | ٩٣٦ |
| ٢١٥٢ | ١٤٧٦ | ١٣٤١ | ٦٦٦ |
| ١٢٠٦ | ٨٠١ | ٢٠١٧ | ١٦١١ |

فقطشائیل — لوبیائیل

اسم اعظم — حمعسق عزرائیل

وکفی باللہ شہیدا محمد رسول اللہ

# مشتری قران یورانس

لوح سعادت کی برکت سے ترقی دولت، عزت، محبت اور شادی میں رکاوٹ ہو یا مقدمہ میں پھنسا ہوا ہو تو اس کیلئے یہ اوقات نہایت ہی طاقتور اور برکت ثابت ہوں گے۔ کیونکہ مشتری کا تعلق دولت اور عزت سے ہے۔ اگر لوح خود نہ بنا سکیں تو ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے تیار کروائیں یہ وقت ہاتھ سے جانے نہ دیں ورنہ یہ وقت 12 سال بعد آئے گا۔ میرا برسوں سے یہ ہی معمول ہے کہ میں ابجدی شمسی سے لوح پر کرتا ہوں۔ کیونکہ ابجدی شمسی تیزی سے کام کرتا ہے اور اکثر لوگوں کو جلدی ہوتی ہے کہ وہ راتوں رات امیر ہو جائیں۔ جبکہ ابجد قمری کا اثر دیر سے ظاہر ہوتا ہے۔ البتہ ابجدی شمسی میں غلطی سے رجعت میں مبتلا ہوسکتے ہیں۔ چنانچہ آج کی محفل میں تحفہ روحانیات کے لئے شمسی کے کچھ الواح پیش کررہا ہوں۔ سب سے پہلے ان نقوش کی زکات دے دیں ایک ایک نقش کو 2300 مرتبہ لکھنا ہے یعنی ایک ایک نقش کو 2300 مرتبہ لکھنا ہے اور نقوش کی زکات کے بعد آٹے کی گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دیں۔ یہ زکات 12 سال کی ہوگی۔ اور پھر روزانہ طاق تعداد میں وہ صورتیں پڑھنی ہیں۔

1:۔سورۃ باموکل اعداد شمسی=378522

2:۔کل قرآن پاک باموکل اعداد شمسی=534948678

3:۔سورۃ مزمل باموکل اعداد شمسی=1375320

4:۔سورہ شوریٰ باموکل اعداد شمسی=2818746

5:۔یامعز اغزنی بعزتك یاعزیز اعداد شمسی=6168

اس میں استخراج شدہ نقوش لکھے ہیں تاکہ ہر آدمی فائدہ اٹھاسکے اور زکات سے پہلے ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے اجازت لے کر عمل کریں یہ عمل کسی کتاب یا رسالہ میں دستیاب نہیں۔

اس لوح کے ہر خانے میں 3,3 کا اضافہ کیا ہے کیونکہ مشتری کا عدد 3 ہے لہٰذا یہ لوح اس طریقہ سے پر ہوگی۔

# آسان اعمال

تحریر:۔ محمد سعید قادری (کراچی)

میرے محترم قارئین اپنا ایک ذاتی تجربہ آپ کی خدمت میں پیش ہے۔ کچھ عرصہ قبل مجھے بواسیر کی شکایت پیدا ہوئی کافی علاج کئے حکیم، یونانی وغیرہ مگر مسئلہ حل نہ ہوا تھا! اچانک خیال آیا کیوں نہ استغفار سے مدد لی جائے۔

دوستوں استغفار میں حکم ہوا **بسم اللہ الرحمن الرحیم بحق یاشافی یاکافی یامعافی** پڑھو اور کوئی بھی چیز پیو مثلاً دودھ، پانی، شربت وغیرہ تو تین بار یہ عمل کر کے پیئو۔

مسلسل 4 ماہ بغیر کسی ناغہ کے یہ عمل کیا 1000 فیصد ٹھیک ہوں کوئی بھی لاعلاج بیماری میں مبتلا ہیں بھائی بزرگ یہ عمل پڑھے سکون شفاء پائے۔ انشاء اللہ فقیر اہلبیت کی طرف سے اجازت ہے! ویسے بھی یہ عمل اب بھی میرے استعمال میں ہے اور قبر تک نہیں بھولوں گا آپ بھی نہ بھولنا۔

## بے گمان رزق

ہر فرض نماز کے بعد آیت الکرسی عظیم تک پڑھ لیا کریں۔ اور چلتے پھرتے بغیر تعداد کے سورۃ توحید پڑھا کریں بغیر ناغہ کے کم از کم اپنے نام کے اعداد موجب سورۃ توحید لازم پڑھنی ہے۔ انشاء اللہ رزق میں اضافہ برکت ہوگی اور اگر بے روزگار ہیں تو برسر روزگار ہو جائینگے عقیدے اور یقین کامل کے ساتھ پڑھیں بہت جلد منزل کو پہنچ جائیں گے۔

## بغض عداوت ناانصافی کا خاتمہ

پارہ نمبر 4 آیت نمبر 133 تا 134 = 410 بار میٹھے شربت یا مٹھائی پر پڑھ کر دم کریں اور پھر مطلوبہ افراد کو مٹھائی یا پانی وغیرہ کھلا دیں۔ صلح ہو جائے گی 7 یوم کریں۔

## (رشتہ) انتظام شادی

فی زمانہ مناسب رشتوں کا نہ ملنا، جہیز کی لعنت روز بروز یہ معاملہ طول پکڑتا جا رہا ہے۔ آئے قرآن سے مدد لیتے ہیں اسلامی مہینے کے لئے اتوار کو یہ عمل شروع کریں پڑھنے سے قبل 2 رکعت حاجت پڑھ کر دعائیں کریں مقصد ترقی لازمی تصور میں رکھیں۔

فجر کی نماز پڑھ کر قبل طلوع آفتاب روزانہ 40 ایام تک بغیر ناغہ سورۃ یٰسین شریف 7 مبین کیساتھ پڑھیں اور آخر میں خلوص دل سے دعا مانگیں۔ انشاء اللہ ان ایام کے دوران ہی اللہ پاک کرم فرمائیں گے اگر اثرات یا سحر وغیرہ کے بداثرات ہوتو انکا علاج کسی عامل سے کروالیں۔

## روحانی ترقی، جادو سے جنات ترقی روزگار، عزت وحشمت کیلئے

قارئین محترم رزق میں عزت، ترقی، جادو جنات سے بچاؤ اور سفلی عمل کے واپس پلٹنے کے لئے ایک خوبصورت آسان بے ضرر کسی چلے کے ریاضتوں سے ہٹ کر ایک عمل حاضر خدمت ہے اسکو ضرور کریں اگر کوئی شخص رجعت کا شکار ہے تو اسکے لئے حرف آخر عمل ہے۔ یہی عمل استخارے میں کام دیگا! دشمنی کا توڑ ہے۔ میاں بیوی بہن بھائیوں والدین اور اولاد میں نفرتوں کو مٹانے کیلئے یہ عمل کریں۔ دشمنوں کو مٹانے کیلئے بگڑے ہوئے کو روٹین میں لانے کے لئے اس عمل پر بھروسہ کریں عمل حاضر خدمت ہے۔

سب سے پہلے درود شفا اول آخر ایک ایک تسبیح، سورۃ اخلاص ایک تسبیح، اور درمیان میں سورہ جن باموکل پڑھیں۔ صرف ایک بار پڑھنی ہے۔ وقت کوئی بھی وقت مقرر کرلیں۔ زوال کے ٹائم سے پرہیز کریں، پڑھتے ہوئے ایک پاؤ چینی سامنے رکھیں دوران پڑھائی گفتگو سے پرہیز کریں۔ کسی کو عمل کی بابت کچھ نہ بتائیں جب عمل مکمل کریں تو سامنے رکھے ہوئی چینی پر دم کریں۔ اگر امراض کے خاتمے کے لئے پڑھا ہے تو پانی پر دم کریں مریض کو پلائیں۔ دم کی ہوئی چینی کو قبرستان یا گھر میں کیڑے مکوڑوں چیونٹیوں کیلئے گرائیں اور چینی گراتے ہوئے کام کا تصور لازمی رکھیں۔ اثر نظر وغیرہ کیلئے مریض کو دم کریں بمشکل 30 منٹ کا عمل ہے کسی اجازت کی ضرورت نہ ہے کوئی خوف نہ ہوگا انشاء اللہ کوئی بہن بھائی فائدہ اُٹھائے تو فقیر در اہلبیت ادارہ تحفہ روحانیات سے جڑے ہوئے تمام لوگوں کے لئے دعا گو ہے یہ اس عمل خیر کا ہدیہ ہے۔

اگر کوئی صاحب بھائی بلڈ پریشر کا شکار ہو تو وہ صاحب نیلم کا پتھر ہاتھ میں پہنے اور پہنتے ہوئے اپنے نا کے تعداد کے مطابق **یارحیم یاکریم** دم کرے انشاء اللہ کلی شفا ہوگی کوئی بات سمجھ میں نہ آئے تو میں حاضر خدمت ہوں۔

مختصر مگر پر عملیات کے ذریعے اپنی روزمرہ کی تکالیف، روحانی، جسمانی، معاشی، معاشرتی، مسائل کے حل کیلئے قرآن سے مدد لینے کیلئے ہر ماہ باقاعدگی سے تحفہ روحانیات کو پڑھتے رہیں۔

1:۔ سورۃ طٰہٰ کو روزانہ پڑھنے کا معمول بنالیں۔ دشمنوں پر غلبہ، رزق کشادہ، لوگوں کے دلوں کو مسخر کریں خاص طور پر اس عمل کو اگر خواتین

پڑھیں تو شوہر حضرات کے دلوں میں گھر کرسکتی ہیں۔ اگر شوہر واقعی حقوق کی ادائیگی اور گھر کی ذمہ داریوں سے دور ہے تو اسی سورہ مبارکہ کا عمل فقیر سے پوچھ سکتے ہیں۔ نارمل تکلیف کے لئے ایک بار پڑھنا بہت ہی افضل ہے۔ کوشش کریں حلال اور جائز مقصد کے لئے، برائی کیلئے عیاشی کی نیت سے پڑھنے سے کام سو فیصد تو ہو جائے گا۔ اور ساتھ میں یہ بھی سن لیں دردناک موت اور لاعلاج بیماری آپ کا مقدر ہے آزمالیں۔

2:۔ خالق اور مخلوق کے دلوں میں جگہ بنانے کا شوق ہو تو **یَا حَمِید** ہر فرض کے بعد 62 بار پڑھیں اور زیادہ اچھا چاہیے تو اپنے نام کے اعداد کے مطابق پڑھ لیں آپ کا قلب آئینہ ہوگا اور آپ کو بروقت ہر برائی اور بھلائی کا بروقت ادراک ہو جائے گا۔ انشاء اللہ

3:۔ جھگڑے کے مقام پر **یَا رَؤُفُ یَا رَؤُفُ** کی تسبیح دل میں پڑھنا شروع کریں 313 کی تعداد کے اندر اندر صلح ہو جائیگی اگر خدانخواستہ معاملہ زیادہ الجھا ہوا ہو تو لاتعداد پڑھنا شروع کریں۔ میاں بیوی کیلئے یہ عمل بہت کارآمد ہے زیر عتاب فریق پڑھے۔

4:۔ 880 بار **سَلَامٌ قَوْلاً مِن رَّبٍّ رَّحِیم** روزانہ وقت مقرر پر پڑھیں مخلوق خدا کو آپ سے دلی لگاؤ ملے۔ وکلا، دوکاندار حضرات کیلئے نایاب عمل ہے قدر کریں۔

5:۔ جمعے کے روز جب امام خطبہ کیلئے بیٹھے تو آپ **حَسبُنَا اللّٰہُ وَنِعمَ الوَکِیل** کو لاتعداد پڑھیں اور جب امام پہلا خطبہ مکمل کر بیٹھے تو فوراً ہاتھ اٹھا کر اللہ پاک سے اپنے نیک کیلئے دعا کریں قارئین قبولیت دعا کے لئے یہ وقت بڑا قیمتی ہے۔ ضرور عمل کی کوشش کریں۔

## سورہ نمل کے اعمال

1:۔ ایک ہفتہ برابر پڑھیں مقصد کے حاصل کے لئے لاجواب ہے۔

2:۔ ٹی بی، خشک تر کھانسی کیلئے مخصوص دوائی پر سورۃ دم کریں بہت جلد شفا ملے گی۔

3:۔ چیونٹیوں کے دفع کے لئے سورہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مقام نکلنے پر چھڑک دیں چند بار ایسا کرنے سے چیونٹیوں سے نجات ملے گی۔

4:۔ سوتے شخص کیلئے اسکا حال جاننے کے لئے اور اسکا چھپا بھید جاننے کے لئے سوتے پر پڑھ کر دم کریں وہ بندہ نیند میں ہی اپنا راز بیان کر دے گا۔

5:۔ عرق النساء کیلئے تعویز اور تیل پر دم کریں کامیابی ملے گی۔

6:۔ کھڑے ہو کر دعا مانگیں تھوڑے ٹائم میں سب کچھ عیاں ہو جائیگی۔

اللہ پاک کی ذات اقدس قادر مطلق ہے وہ اپنے بندوں کی دعائیں سنتا ہے اور اس امر کا اللہ پاک نے وعدہ فرمار کھا ہے (تقدیر بدل جاتی ہے دعاؤں کے اثر سے)

رنج وغم میں حضرت یعقوبؑ کی دعا بہت مشہور ہے (دعا یہ ہے)

1:۔ **اِنَّمَا اَشکُو بَثِّی وَحُزنِی اِلَی اللّٰہ** (سورۃ یوسف)

پریشانی اور غم کے عالم میں یہ دعا دل کو بہت سکون دیتی ہے۔

2:۔ بیماری کی حالت میں پڑھنے کی دعا!

**اِنِّی مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنتَ اَرحَمُ الرّٰحِمِین** (سورۃ انبیاء)

یہ دعا بیماری تکلیف کی حالت میں بکثرت پڑھیں بیماریوں سے چھٹکارہ ملے گا۔

3:۔ قید سے رہائی کیلئے حضرت یونسؑ کی بہت ہی زیادہ مشہور ہے۔

**لاالٰہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین** (سورۃ انبیاء)

قید، مشکلات، آفات سے بچنے کے لئے لاجواب قیمتی عمل ہے لاتعداد پڑھو۔

4:۔ حصول انصاف کی دعا! (حضرت شعیبؑ) مقدمہ میں حصول انصاف کے لاجواب عمل ہے شرط یہ ہے کہ آپ حق پر ہوں۔

**ربنا افتح بیننا وبین قومنا بالحق وانت خیر الفاتحین** (سورۃ الاعراف)

5:۔ صبر واستقامت کی دعا! یہ دعا حضرت موسیٰ کی ہے۔

**رَبَّنَا اَفرِغ عَلَینَا صَبراً وَّتَوَفَّنَا مُسلِمِین** (سورۃ الاعراف)

6:۔ ظالموں کے فتنوں سے بچنے کی دعا! یہ دعا بنی اسرائیل کی ہے جب انہوں نے فرعون کو چھوڑ کر ایمان لے آئے تو فرعون کے ظلم سے بچنے کے لئے یہ دعا مانگی تھی۔

ظالموں کافروں کے فتنوں سے بچنے کیلئے لاجواب دعا ہے!

**رَبَّنَا لَا تَجعَلنَا فِتنَۃً لِّلقَومِ الظّٰلِمِین، وَنَجِّنَا بِرَحمَتِکَ مِنَ القَومِ الکٰفِرِین** (سورۃ یونس)

قارئین تحفہ روحانیات آپ یہ ساری دعائیں یاد کرلیں اور ہر نماز میں لازمی پڑھا کریں کیونکہ جن جن کاموں کے واسطے یہ دعائیں مختلف انبیاء کرام پر اتریں آج ہم سب اسی مسائل کا شکار ہیں۔ اپنے لیے مانگیں اور ہمیں بھی اپنی دعاؤں میں یاد رکھیے۔

# روحانی مندرجات

تحریر:۔ ایاز اشرف سیال (چکوال)

دوسرے دن ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کو ساری تفصیل بتائی اور ڈرتے ہوئے کہا کہ میں نے تو رات کو کہہ دیا تھا کہ میں اب پڑھائی نہیں کروں گا۔ مگر بے شک کوئی جان سے مار دے تو میں بھی اپنی تلاوت چھوڑنا نہیں چاہتا اب آپ بتائیں کہ میں کیا کروں تو آپ نے نہایت ہی شفیق انداز میں سمجھایا کہ "بالکل فکر نہ کریں اور نہ ہی پڑھائی چھوڑیں یہ بس سورۃ مبارکہ کے موکل آپ کو آزما رہے تھے"۔

خیر دوسرے دن اس خیال سے تسلی ہوئی کہ میرے ساتھ اللہ اور اس کے رسول کی مدد اور میرے استاد محترم محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کی روحانی سرپرستی اور ان کا شفقت بھرا ہاتھ ہے بلاناغہ بے خوف تلاوت مراقبہ کرتا رہا۔ کبھی رات کو ایسا محسوس ہوتا کہ کوئی میرے ساتھ کوئی سو رہا ہے۔ جس کی سانسوں کی آوازیں مجھے بحوش وحواس آرہی ہے۔ کبھی ایسا لگتا ہے جیسے کوئی میرے سرہانے کھڑا مجھے دیکھ رہا ہے مگر اللہ کی رحمت سے کوئی رجعت ونقصان نہ ہوا۔

چھٹے چلے کے شروعاتی دنوں میں ہی ایک رات خواب میں دیکھا کہ میں ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے ملنے ملتان گیا ہوا ہوں مگر غلطی سے پھر چکوال واپس پہنچ جاتا ہوں اور بڑا پریشان ہوتا ہوں کہ اب پھر نو گھنٹے کا سفر کرنا پڑے گا تب تک تو رات ہو جائے گی اور ماہر روحانیات پتہ نہیں ملیں گے یا نہیں۔

صبح اپنے استاد محترم سے بات کرنے کو دل چاہا اور جب فون کیا تو حیرت وخوشی کی انتہا نہیں رہی کہ استاد محترم تو رات کو ہی چکوال تشریف لا چکے ہیں اور اسی بات کا اشارہ رات کو مجھے خواب میں مل گیا تھا میں نے استاد محترم سے شکوہ کیا کہ انہوں نے مجھے پہلے کیوں نہیں مطلع کیا۔ فرمایا کہ میں ایک ضروری کام کے سلسلے میں آیا ہوں اور آپ سے ملنا ضروری تھا۔ خیر پیغام تو مجھے رات خواب میں مل گیا تھا اور دوران گفتگو استاد محترم نے مجھے اسم اللہ کو دھڑکن کیساتھ ملا کر من ہی من میں ورد کرنے کا عمل بتایا اور کہا کہ جس دن لفظ اللہ آپ کی آنکھوں کے سامنے چمکنے لگے گا اس کے بعد ہی آپ کو اگلے روحانی مندرجات کی مشق کرائی جائے گی۔ ایک دن دوران مراقبہ میں نے اپنے ہمزاد کی آنکھ دیکھی جو مجھے بڑے غور کے ساتھ دیکھے جا رہا تھا اور میں خوش ہو رہا تھا۔

جب یہ بات میں نے استاد محترم سے عرض کی تو آپ نے فرمایا کہ آپ پڑھائی جاری رکھو آپ میں روحانی قوتیں اب بیدار ہو رہی ہیں اور مکہ معظمہ میں مسجد جن میں سورۃ مزمل کی 53 مرتبہ تلاوت کر کے جنات سے دوستی کی دعا کریں انشاء اللہ آپ کی دعا قبول ہوگی۔ اسی رات ایک خواب بھی میں نے دیکھا تھا کہ کوئی غیبی آواز مجھ سے مخاطب ہو کر کہتی ہے کہ آؤ آج تمہیں ایک عجیب چیز دکھاؤں تو میں کیا دیکھتا ہوں کہ ایک حوض میں تین مچھلیاں ہیں جن کی کھال مگرمچھ جیسی ہے یعنی آدھی مچھلی آدھا مگرمچھ ہیں۔ یہ خواب اسی وقت استاد محترم کو بتانا بھول گیا جب کافی دنوں بعد بتایا تو فرمایا کہ آپ نے یہ خواب کب دیکھا تھا تو میں نے عرض کیا جس دن آپ چکوال تشریف لائے تھے۔ آپ نے اس متعلق ایک راز سے پردہ اُٹھایا۔ جس کے بعد میں نے سوچا کہ میں جس راہ پر چل پڑا ہوں وہاں مجھے سب کچھ مل جائے گا اسی بات کا اشارہ مجھے اس طرح ملا کہ ایک دن نماز مغرب کے بعد میں چھت پر چڑھا ہوا تھا تو مغرب کی طرف میں نے ایک سنہرے رنگ کا ستارہ دیکھا اس کے ساتھ ایک اور سنہرے رنگ کا ستارہ نمودار ہوا مگر تھوڑی دیر بعد دونوں غائب ہوگئے اسی وقت مجھے مطلب سمجھ آگیا اور استاد محترم سے تصدیق کردی کہ یہ اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کی مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں کی جانے والی دونوں دعائیں انشاء اللہ ضرور قبول ہوں گی۔

چھٹے چلے کے انتالیسویں رات خواب میں دیکھا کہ رات کا سماں ہے اور ایک دم چاند ستاروں کی روشنی ختم ہو جاتی ہے آسمان پر نگاہ پڑتی ہے تو کیا دیکھتا ہوں کہ ایک مربع شکل کی لوح ہے جس پر ہندی میں کچھ کندہ ہے اور اسکے چاروں کونوں پر ہندوں کے بھگوانوں کی شکلیں کندہ تھیں پھر تھوڑی دیر بعد دیکھتا ہوں کہ آسمان پر ہلکے نیلے رنگ میں اسمائے الٰہی چمک رہے ہیں جن میں نور بہت زیادہ ہے۔ پھر تھوڑی دیر بعد دیکھتا ہوں کہ بہت ساری خوبصورت لڑکیاں میرے گرد و پیش تھیں جن میں سے چند لڑکیاں مجھے اپنی طرف متوجہ بھی کر رہی ہیں مگر میرے دل میں یہی خیال آتا ہے کہ یہ گناہ والا راستہ میں اپنے لئے نہیں چن سکتا اور آخر کار میں وہاں سے نکل آتا ہوں۔ ایسا امتحان روحانیات میں اکثر و بیشتر آتا ہے۔ جس سے مجھے قبل از وقت آگاہ کر دیا گیا تھا۔

دوسرے دن استادمحترم کو گذشتہ رات کی تفصیل بتائی تو آپ نے فرمایا کہ آپ پر شیاطین وجنات کی طرف سے حملہ ہوا ہے اور اگر آپ **استغفر اللہ یا اللہ یا نور** کا ورد کرینگے تو آپ آنے والے ہر امتحان سے بخیر وعافیت گزر جائے گے ہوسکتا ہے آپ پر مصیبت بھی آئے لہٰذا آپ صدقہ بھی لازم کریں۔ انشاء اللہ بہتری ہوگی۔

اللہ تعالیٰ کا جتنا شکر ادا کروں کم ہے کہ اس نے مجھ جیسے گنہگار سے بلاناغہ لگاتار سورۃ مزمل شریف کے چھ چلے مکمل کروائے۔ چھٹے چلے کا اختتامی دن بھی بڑی عبادت وعقیدت سے گزرا۔ اور استادمحترم کی ہدایت کے مطابق صدقے میں ''باجرہ'' اپنی جان کا صدقہ، اور ''چینی'' سورۃ مزمل کا چھٹا چلہ مکمل ہونے کی خوشی میں اور کل روحانیات سے فیض حاصل کرنے کی غرض سے حشرات الارض کی دعوت کرکے کیا۔

چھٹا چلہ مکمل کرنے پر میں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ میں اپنا ساتواں چلہ مکہ مکرمہ یا مدینہ منورہ میں مکمل کرنا چاہتا ہوں اور میری دعا اللہ تعالیٰ نے اپنی لامحدود رحمتوں سے سورۃ مزمل کی کروڑوں برکتوں سے اور درود مزمل کی ڈھیروں برکتوں سے قبول فرمائی اور ساتھ ساتویں چلے سات دن پہلے ہی ہماری عمرہ کی سیٹیں بک ہوگئیں۔ شکر الحمد للہ۔

جیسے کہ مجھے خواب میں اشارے ملے تھے جن کی وضاحت استادمحترم نے بھی کی تھی کہ آپ پر کچھ پریشانیاں آئیگی مگر انشاء اللہ آپ کو روشنی نظر آئے گی اور بہتری ہوگی۔ وہی ہوا دوسرے ہی دن شیئر مارکیٹ میں میرے شیئرز کا بھاؤ ایک دم نیچے گر گیا اور سعودی امیگریشن سے میرا پاسپورٹ واپس لوٹ آیا اور عمرہ کرنے کے چانسز بہت کم نظر آنے لگے مگر میں مطمئن تھا کہ یہ سب وقتی بحران ہے۔ غرض بہت سی آزمائشیں آئیں مگر انعامات بھی اس سے کہیں گنا زیادہ ملے۔

ایک دن میں ایک پیر صاحب کو ملنے چلا گیا ان کے والد مرحوم بہت ہی نیک ولی تھے ان کے دربار کا اصول تھا کہ کوئی بول کر اپنا مسئلہ نہ بتائے انہیں خودبخود کشف ہوجاتا تھا اور جس کی کرم نگاہ سے دیکھتے ہی اس پر روحانی فیض جاری ہوجاتا۔ میں بھی اسی امید پر ان کے صاحبزادے کو ملنے چلا گیا۔ آستانے میں بیٹھتے وقت مجھے اپنا سر بھاری محسوس ہونے لگا اور میں خوش ہونے لگا کہ مجھ میں اتنی روحانی قوت آگئی ہے کہ میں پیر صاحب کی حاضرات کو محسوس کرسکتا ہوں۔ جب میں ان کے پاس گیا تو انہوں نے میرا نام، میرا شہر، اور بہت سے سوالات کیے جن سے پتہ چلا کہ ان میں وہ بات ہی نہیں مگر انہوں نے مجھے سورۃ مزمل کی تلاوت کرنے سے منع کردیا اور کہا کہ تیرا دل ودماغ گرفت میں ہے خیر میں نے دم کیے دیتا ہوں۔ انہوں نے دم کرکے تین چار بار چھڑی میرے سر پر ماری۔

اسی وقت دل ودماغ پر بوجھ سا بن گیا۔ باہر نکلتے ہی مجھے احساس ہوا کہ مجھ سے بہت بڑی غلطی ہوگئی ہے اور میں قربان جاؤں اپنے استادمحترم ایاز مزمل حسین شاہ صاحب پر کہ انہیں ملتان میں بیٹھے ہوئے پتہ چل گیا کہ ان کا روحانی بیٹا مصیبت میں آگیا ہے۔ آپ نے فوراً اس کا تدارک فرمایا اور نہایت شفقت سے سمجھایا کہ ہمارے استادمحترم کہتے ہیں کہ جب آپ کو سب کچھ مل رہا ہے تو پھر آپ کیوں کسی اور کے پاس جاتے ہو۔ آپ کی ساری روحانی قوتیں ان پیر صاحب نے سلب کرلی تھیں۔ خیر میں نے 21 مرتبہ سورۃ مزمل کی تلاوت کی اور اسکا ثواب خالصتاً اپنے پیرومرشد حضرت شاہ رکن عالم کو اللہ کی رحمت سے تحفے میں بھیجا اور اللہ سے دعا کی کہ مجھے میرے پیرومرشد سے روحانی فیض عطا فرما۔ میری روحانی ترقی میں اضافہ عطا فرما۔ اس دُعا کا نتیجہ یہ نکلا روحانی مرتبہ سے آگاہی ہوئی اور دُنیاوی صلہ یہ ملا کہ اسی دن مجھے اپنے محلے کی طرف سے زکواۃ کمیٹی کا رکن بنا دیا گیا۔ اور دل ودماغ سے سارا بوجھ ہٹ کر طبیعت ہشاش بشاش ہوگئی۔ اسی رات میں نے خواب میں اپنے پیرومرشد حضرت شاہ رکن عالم کو اپنے گھر میں محسوس کیا اور دوسرے دن ہی صبح میرے عمرے کا ویزہ لگ گیا اور سفر کے اخراجات کا بھی حیران کن بندوبست ہوگیا۔ جو ناقابل بیاں ہے۔ شکر الحمد للہ۔

نہ وہ عشق میں رہی گرمیاں، نہ وہ حسن میں رہی شوخیاں
نہ وہ غزنوی میں تڑپ رہی، نہ وہ خم ہے زلف ایاز میں؛

# خاتمہ اعمال شر

تحریر:۔ڈاکٹر عبدالرؤف نقشبندی مجددی (راولپنڈی)

امام عبداللہ رازی کہتے ہیں کہ جادو کی آٹھ قسمیں ہیں۔

(1) ان لوگوں کو جادو جو سات ستاروں کی پوجا کرتے تھے اور یہ عقیدہ رکھتے تھے یہی ستارے کائنات کے امور کی تدبیر کرتے ہیں اور خیر و شر کے مالک ہیں۔ اور یہی وہ لوگ ہوتے ہیں جن کی طرف اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم کو نبی بنا کر بھیجا۔

(2) اصحاب اوہام اور نفوس قویہ کا جادو۔ ابرازی نے اس بات کی دلیل کی ہے کہ وہم کی تاثیر ہوتی ہے یہ پیش کی ہے کہ ایک درخت کا تنا جب زمین پر پڑا ہو تو انسان اس پر چل سکتا ہے لیکن اگر اسی تنا کو کسی نہر پر پل بنا کر گاڑ دیا جائے تو وہ اس پر چل نہیں سکتا۔

(3) گھٹیا ارواح یعنی شیاطین قسم کے جنوں سے مدد حاصل کر کے جادو کا عمل کیا جائے اور جنات کو قابو میں لانا چند آسان کاموں کی مدد سے ممکن ہے جن میں کفر و شرک پایا جاتا ہے۔

(4) چغل خوری کر کے لوگوں میں نفرت کے جذبات بھڑکا دینا اور ان میں سے کچھ کو اپنے قریب کر لینا اور ان سے اپنے مطلب کا کام نکالنا۔

(5) بعض دوائیوں کے خواص کی مدد سے بیماریوں کے علاج دریافت کرنا۔

(6) شعبدہ بازی اور چند کام برق رفتار سے کر کے لوگوں کی آنکھوں پر جادو کرنا۔

(7) وہ عجیب و غریب چیزیں جو بعض آلات کی فننگ سے سامنے آتی ہیں ان کو بجانا۔ اور اسی طرح ٹائم پیش کرنا۔ اس کو در حقیقت جادو میں شمار نہیں کرنا چاہیے کیونکہ اس کا ایک خاص طریقہ کار ہوتا ہے جو بھی وہ معلوم کر لیتا ہے تو پھر وہ ایسی چیزوں کو ایجاد کر سکتا ہے۔

(8) دل کی کمزوری یہ اس وقت ہوتی ہے جب کوئی جادوگر یہ دعوہ کرتا ہے کہ اسے اسم اعظم معلوم ہے جن اس کی اطاعت کرتے ہیں اور اس کی ہر ایک بات پر عمل کرتے ہیں۔ اس کا یہ دعوہ جب کمزور دل انسان سنتا ہے تو اسے درست تسلیم کر لیتا ہے اور خوامخواہ اس سے ڈرنے لگتا ہے۔ اسی حالت میں جادوگر جو چاہتا ہے اسے کر گزرنے پوزیشن میں آجاتا ہے۔

ان اقسام میں سے بہت ساری قسموں کو امام رازی نے فن جادو میں اس لیے شامل کیا ہے کہ اس کو سمجھنے کیلئے بہت باریک عقل درکار ہوتی ہے اور سحر عربی زبان میں ہر ایسی چیز کو کہا جاتا ہے جو باریک ہو اور جس کا سبب مخفی ہو۔

### امام راغب کے نزدیک جادو کی اقسام

امام راغب کہتے ہیں:۔سحر کا اطلاق کئی معنوں پر ہوتا ہے۔

(1) جو انتہائی باریک ہو اور لطافت اور باریکی کی وجہ سے اس میں دھوکہ دہی کا عنصر نمایا ہوتا ہے۔

(2) جو بے حقیقت توہمات سے واقع ہو۔

(3) جو شیطانوں کی مدد و معاونت سے حاصل ہو۔

(4) جو ستاروں کو مخاطب کرنے سے ہو۔

### اقسام جادو سے متعلق ایک وضاحت

امام رازی اور امام راغب کی تقسیمات جادو میں غور کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے فن جادو میں وہ چیزیں داخل کر دی ہیں جن کا جادو سے کوئی تعلق نہیں ہے اور اس کا سبب یہ ہے کہ انہوں نے لفظ ''سحر'' عربی زبان میں معنی کو سامنے رکھا ہے اور سحر عربی زبان میں معنی کو سامنے رکھا ہے اور سحر عربی میں ہر اس بے پردہ چیز پر بولتے ہیں جو لطیف ہو اور اس کا سبب مخفی ہو۔ چنانچہ انہوں نے کئی ایجادات اور ہاتھ کی صفائی سے برآمد ہونے والے امور کو بھی جادو میں شامل کر دیا ہے اور اسی طرح چغل خوری کر کے کام نکالنے کو بھی انہوں نے جادو قرار دیا ہے۔ کیونکہ ان سب کے اسباب مخفی ہوتے ہیں اور ان سب چیزوں کا ہماری بحث سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ ہماری گفتگو کا دارومدار صرف حقیقی جادو پر ہے۔ جن میں جادوگر جنات اور شیاطین کا سہارا لیتا ہے۔ پھر ایک اور حقیقت کا بیان بھی ضروری ہے اور وہ یہ ہے کہ رازیؒ اور راغبؒ نے ستاروں کے ذریعے جادو کے عمل کرنے کا ذکر کیا ہے۔ جبکہ ہمارا عقیدہ یہ ہے کہ ستارے اللہ تعالیٰ کی مخلوقات میں سے ایک مخلوق ہے اور اللہ ہی کے احکامات کے پابند ہیں اور نہ ان کی کوئی روحانیت ہے اور نہ ہی تاثیر ہے۔

اگر کوئی شخص یہ کہے کہ کئی جادوگر ستاروں کے نام لے کر ان سے مخاطب ہوتے ہوئے نظر آتے ہیں اور اس کے بعد ان کا جادو مکمل ہوتا ہے تو اس کا جواب یہ ہے یہ چیز جادو کی تاثیر کی وجہ سے نہیں شیطانوں کی تاثیر کی وجہ سے ہوتی ہے کیونکہ خود شیطانوں نے جادوگروں کو یہ تعلیمات دے رکھی ہوتی ہیں کہ وہ ستاروں کو پکارا کریں چنانچہ جب وہ ایسا کرتے ہیں تو خود شیطان جادو کے سلسلے میں ان سے تعاون کرتے ہیں۔

لیکن اس کا پتہ جادوگروں کو نہیں لگنے دیتے، جیسا کہ کافر پتھر سے بنے ہوئے بتوں کو پکارا کرتے ہیں تو شیطان بتوں کے اندر سے ان کو جواب دیتے ہیں اور کافروں کو یقین ہو جاتا ہے کہ یہ ہی بت ان کے معبود ہیں، حالانکہ ایسا نہ تھا یہ صرف شیطانوں کی طرف سے ان کافروں کو گمراہ کرنے کا ایک طریقہ تھا۔

جادوگر اور شیطان کے درمیان طے پانے والا معاہدہ

جادوگر اور شیطان کے درمیان اکثر و بیشتر ایک معاہدہ طے پاتا ہے۔ جس کے مطابق جادوگروں کو کچھ شرطیہ یا کفریہ کام چھپ کر یا اعلیٰ اعلان کرنا ہوتے ہیں اور اس کے بدلے شیطان کو جادوگر کی خدمت کرنا ہوتی ہے یا اس کے بدلے شیطان کو جادوگر کی خدمت کرنا ہوتی ہے یا اس کے لیے خدمت گار مہیا کرنے ہرتے ہیں، کیونکہ جس شیطان کے ساتھ جادوگر معاہدہ کرتا ہے وہ جنوں اور شیطانوں کے کسی قبیلے کا سردار ہوتا ہے۔ چنانچہ وہ اپنے قبیلے کے کسی بیوقوف کو احکامات جاری کر دیتا ہے کہ وہ اس جادوگر کا ساتھ دے اور اس کی ہر بات تسلیم کرے چاہے وہ واقعات کی خبریں لانے کا کہے یا دو آدمیوں کے درمیان جدائی ڈالنے یا ان میں محبت پیدا کر دینے کا حکم دے یا خاوند کو اس کی بیوی سے الگ کر دینے کا آرڈر جاری کرے۔ اس طرح جادوگر اس جن کو اپنی پسند کے برے کاموں کیلئے استعمال کرتا ہے اگر جن اس کی نافرمانی کرے تو جادوگر اس قبیلے کے سردار سے رابطہ کرتا ہے اور مختلف تحائف پیش کر کے اس کو یہ ظاہر کرتا ہے کہ وہ اس سردار کی تعظیم کرتا ہے اور اسی کو اپنا مددگار تصور کرتا ہے چنانچہ وہ سردار اس جن کو سزا دیتا ہے اور اسے جادوگر کی خدمت کرنے یا اس کیلئے خدمت گار مہیا کرنے کا حکم دیتا ہے یہی وجہ ہے کہ جادوگر اور اس کی خدمت کے لیے مقرر کیے گئے اس جن کے درمیان نفرت ہوتی ہے۔ جن خود جادوگر کو یا اس کے گھر والوں کو پریشان کیے رکھتا ہے چنانچہ جادوگر ہمیشہ سر درد اور بے خوابی کا شکار رہتا ہے اور رات کے وقت اس پر گھبراہٹ طاری رہتی ہے، بلکہ گھٹیا قسم کے جادوگر تو اولاد سے بھی محروم ہو جاتے ہیں کیونکہ ان کی خدمت گار جن ان کی اولاد کو ماں کے پیٹ میں مار دیتے ہیں اور یہ بات خود جادوگر اچھی طرح جانتے ہیں اور کئی جادوگر تو صرف یہ پیشہ اس لیے چھوڑ دیتے ہیں کہ ان کو اولاد کی نعمت عطا ہو۔

اور مجھے یاد ہے کہ میں نے ایک خاتون کا علاج کیا جس پر جادو کیا گیا تھا، میں نے اس پر جب قرآن مجید کو پڑھا تو جن خاتون کی زبان سے بولا میں اس سے نہیں نکل سکتا کیوں؟ کیونکہ مجھے ڈر ہے کہ جادوگر مجھے قتل کر دے گا۔ تم ایسی جگہ چلے جاؤ جہاں جادوگر تمہارا پتہ نہ چلا سکے! وہ میرے پیچھے دوسرے جنوں کو بھیج کر پکڑوا لے گا۔

اگر تم اسلام قبول کر لو اور سچے دل سے توبہ کر لو تو میں تمہیں ایسی قرآنی آیات سکھلا دوں گا جو تمہیں کافر جنوں کے شر سے بچا لیں گی۔ نہیں میں ہرگز اسلام قبول نہیں کر سکتا کوئی بات نہیں دین میں جبر نہیں ہے البتہ اس عورت سے تمہارا نکل جانا ضروری ہے! میں ہرگز نہیں نکلوں گا۔

اللہ کی مدد سے میں تمہیں نکال دینے کی طاقت رکھتا ہوں میں ابھی قرآن پڑھوں گا اور پھر تم نکل چلے جاؤ گے۔ پھر میں نے اپنا حربہ استعمال کیا آخر کار جن بھاگ نکلا! اور اس طرح الحمد اللہ وہ خاتون صحت یاب ہو گئی۔ اور یہ بات یقین کے ساتھ بیان کر رہا ہوں جادوگر جس قدر کفریہ کام کرے گا جن اتنا زیادہ اس کا حکم مانے گا اور وہ جتنا کم کفریہ کاموں کی طرف جائے گا جنات اس کی باتوں پر کم عمل کریں گے۔

جادوگر جنوں کو کیسے حاضر کرتے ہیں؟

اس کے بہت سارے طریقے ہیں اور ہر ایک میں شرک یا واضح کفر موجود ہوتا ہے۔ میں یہاں ضرور آٹھ طریقوں کا ذکر کروں گا۔ اور ہر طریقے میں جس طرح کفر و شرک موجود ہوتا ہے اس کی وضاحت کروں گا۔ البتہ اس ضمن میں انحصار کروں گا اور ہر طریقے کی پوری تفصیل ہرگز ذکر نہیں کروں گا تا کہ کوئی شخص انہیں آزما نہ سکے۔

ہر طریقے میں موجود کفر و شرک کی وضاحت کرنے کی ضرورت اس لیے پیش آئی کہ کئی لوگ قرآنی علاج اور جادو میں فرق نہیں کر پاتے، حالانکہ پہلا ایمانی اور دوسرا شیطانی طریقہ علاج ہے اور اس سلسلے میں مزید ابہام اس وقت پیدا ہو جاتا ہے جب جب کئی جادوگر اپنے کفریہ تعویزات آہستہ آواز میں اور قرآنی آیات بلند آواز میں پڑھتے ہیں چنانچہ مریض سمجھتا ہے کہ اس کا علاج قرآن کے ذریعہ ہو رہا ہے حالانکہ حقیقتاً ایسا نہیں ہوتا۔ الغرض میرا مندرجہ ذیل طریقے ذکر کرنے کا مقصد یہ ہے کہ میرے مسلمان بھائی گمراہی اور شرک کے راستوں سے بچ جائیں اور مجرم پیشہ لوگوں کا راستہ کھل کر سامنے آجائے۔

## لکھاری حضرات

روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات کے تمام محترم لکھاری حضرات سے گزارش ہے کہ وہ اپنی تحریر کاغذ کے ایک جانب واضح لکھ کر ارسال کریں اور خاص طور سے عربی آیات کا حوالہ یا اعراب لازمی لگایا کریں کوشش کریں کہ عام فہم زبان کا استعمال ہو۔

# احکامات جنات

تحریر:۔علامہ قاری میاں عبدالرؤف قریشی (ملتان)

## جنات کے نام پر ذبح جانور

یحیٰ ابن یحیٰ فرماتے ہیں کہ کسی بادشاہ نے پانی کا چشمہ تیار کرایا جب تیار ہو چکا تو اس کے افتتاح کے موقع پر جنات کے نام جانور ذبح کیے کہ کہیں وہ اس پانی کے سوت کو نہ بند کر دیں اور اس کو پکا کر لوگوں کو کھلایا جب ابن شہاب زہری کو خبر ہوئی انہوں نے فرمایا کہ نہ اسکا ذبح کرنا جائز ہے اور نہ اس کا کھلانا جائز ہے کیونکہ حضورؐ نے جنات کے نام پر ذبح کیے ہوئے جانوروں کے کھانے سے منع فرمایا ہے۔ علامہ طلیطلی نے بھی اس روایت کو ابن شہاب سے اسی عنوان سے ذکر فرمایا ہے۔

صاحب کتاب فرماتے ہیں کہ علامی شمس الدین محمد ابن ابی بکر حنبلی کی تحریرات میں بھی یہ واقعہ اسی طرح درج ہے وہ فرماتے ہیں کہ یہ واقعہ چشمہ جاری ہونے کے وقت مکہ میں پیش آیا تھا اور یہ چشمہ خلیفہ نجم الدین ابن محمود کیانی نے بنوایا تھا اور وہ خود اس کے افتتاح میں شریک تھا۔ تفصیلی واقعہ اس طرح پر ہے کہ جب اس کو کھودنے والے ایک خاص مقام پر پہنچے تو ان میں سے ایک پر جنات کا اثر ہوا اور وہ بے ہوش ہو کر گر پڑا اور بہت دیر تک پڑا رہا جس وقت وہ بے ہوش پڑا ہوا تھا تو اس نے کہا کہ اے مسلمانو تمہارے لئے جائز نہیں ہے کہ تم ہم پر ظلم کرو ہم نے کہا کہ ہم نے تمہارے اوپر کب ظلم کیا ہے اس جن نے کہا کہ ہم اس زمین میں رہتے ہیں اور میرے سوا کوئی بھی ان میں مسلمان نہیں ہے اگر میں چلا گیا تو یہ لوگ تمہیں بہت پریشان کر دیں گے انہوں نے مجھے کہلوا بھیجا ہے کہ اس وقت تک ہم پانی نہیں نکلنے دیں گے جب تک تم ہمارا حق ادا نہ کرو ہم نے کہا تمہارا حق کیا ہے اس نے کہا کہ ہمارا حق یہ ہے کہ ایک بیک خریدو اور اسکو خوب مزین کرو اور اس کو لباس پہناؤ اور اس کو مکہ میں گھما کر لاؤ اور ہمارے نام پر ذبح کر دو اور اس کا خون اور سری پائے ہمارے لئے بیر عبدالصمد میں ڈال دو اور باقی تم کھا لو اگر تم نے ایسا نہ کیا تو ہم کبھی بھی پانی نہیں نکلنے دیں گے ہم نے کہا کہ ہم ضرور کریں گے یہ کہتے ہی وہ آدمی ٹھیک ہو گیا اور اس نے کلمہ پڑھا اور پوچھا کہ میں کہاں ہوں اور اس کو کوئی پریشانی نہیں رہی۔ اس قصہ کے راوی کہتے ہیں کہ جب میں اس قصہ کو دیکھ کر گھر آیا تو میں صبح کی نماز کے لئے جا رہا تھا اچانک ایک آدمی آیا اور اس نے کہا کہ خلیفہ کہاں ہیں میں نے کہا کیا بات ہے؟ اس نے کہا کہ ان سے ایک بات کرنی ہے میں نے کہا کہ وہ تو مشغول ہیں مجھے کہہ دو میں ان کو بتلا دوں گا۔ اس نے کہا کہ میں نے رات کو ایک خواب دیکھا ہے کہ لوگ ایک بیل کو مزین کر کے بادشاہ کے مکان پر لائے ہیں۔ بادشاہ نے دیکھ کر کہا کہ ٹھیک ہے پھر بادشاہ خود ہی اس کو ہانک کر چل دیا اور لوگ اس کے پیچھے چل دیئے۔ یہاں تک کہ مکہ سے باہر جا کر اس کو ذبح کر دیا گیا اور اس کے سرے پائے عبدالصمد میں ڈال دیئے مجھ کو اس کا خواب سن کر تعجب ہوا اور میں نے یہ خواب بھی اور اس آدمی کا واقعہ بھی جس پر جن آئے تھے اور انہوں نے اسی طرح کہا تھا مکہ کے بڑے بڑے لوگوں کو سنایا انہوں نے جمع ہو کر ایک بیل خرید کر اسی طرح کیا اس سے پہلے اس چشمے میں پانی بالکل نہیں تھا جب ہم نے کر دیا اور پھر تھوڑا سا کھودا تو پانی ٹھاٹھیں مار کر جاری ہو گیا جب پانی جاری ہو گیا تو پہاڑوں کے درمیان ایک راستہ تھا ہم نے وہ درست کیا اور اس کو صاف کیا اور پانی اس میں چلنے لگا اور چار ہی دن میں پانی مکہ میں آ گیا۔ اور اس کے آس پاس والے کنوئیں بھی جاری ہو گئے۔ ہم سے لوگوں نے بتلایا کہ ان کنوؤں میں بالکل پانی نہیں تھا اور اچانک پانی سے لبریز ہو گئے اور اچانک پانی آ گیا۔ علامہ شمس الدین نے اس پر تبصرہ کرتے ہوئے فرمایا کہ ایسا ہی ہوا تھا جیسا کہ دریائے نیل میں لوگ ایک حسین لڑکی کو ڈالا کرتے تھے اور وہ جاری ہو جایا کرتا تھا پھر اس بد رسم کو حضرت عمرؓ ابن الخطابؓ نے ختم کیا تھا کیونکہ جنات ان سے بہت ڈرتے تھے اگر آج عمرؓ جیسا کوئی آدمی ہوتا تو یہ نوبت نہ آتی مگر ہر زمانے میں کچھ خاص ہی لوگ ہوتے ہیں۔ علامہ شمس الدین نے فرمایا کہ جس آدمی نے مجھے یہ قصہ سنایا وہ میرا پڑوسی تھا نہایت ہی سچا، دیانتدار اور متدین آدمی تھا تمام شہر کے لوگ اس کے واقعہ کی تصدیق کرتے تھے اور مکہ کے تمام لوگوں نے اسی واقعہ کو بچشم خود دیکھا تھا۔ واللہ اعلم

## جنات اور روایت حدیث

ابیؓ ابن کعب سے مروی ہے کہ ایک جماعت مکہ کے لئے روانہ ہوئی اور راستہ بھول گئی جب وہ لوگ مشقت سفر سے اور راستہ بھول جانے کی وجہ سے پریشان ہو گئے اور مرنے کے قریب ہو گئے انہوں نے اپنے اپنے کفن پہن لئے اور زمین پر لیٹ گئے۔

پس ان کے پاس ایک جن آیا اور اس نے کہا کہ میں جنات میں سے ہوں جنہوں نے حضورﷺ سے حدیثیں سنی ہیں میں نے آپ کو یہ فرماتے سنا ہے کہ مسلمان مسلمان کا بھائی ہے اور مددگار اور معین ہے اور مسلمان مسلمان کو رسوا نہیں کرتا او وہ اس جن نے ان کو پانی پلایا اور راستہ بتلایا۔عبدالرحمٰن ابن بشر فرماتے ہیں کہ کچھ لوگ حضرت عثمانؓ کے دور خلافت میں حج کے لئے روانہ ہوئے راستہ میں ان کو پیاس لگی پس ان کو ایک شور چشمہ ملا ان میں سے کسی نے کہا یہ پانی نہ پینا یہ نقصان دہ ہے آگے چلو وہاں پانی ملے گا وہ آگے چلے مگر شام تک انہیں کہیں پانی نہیں ملا پھر ان میں سے کسی نے کہا کہ شور چشمہ پر واپس چلو جب وہ واپس چلے تو ان کو کافی رات ہوگئی وہ ایک کیکر کے درخت کے پاس ٹھہر گئے ان کے پاس ایک نہایت ہی سیاہ فام شخص آیا اور اس نے کہا اے قافلے والو میں نے حضور کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو آدمی اللہ اور آخرت پر ایمان رکھتا ہو وہ مسلمانوں کے لئے وہ ہی پسند کریں جو اپنے لئے پسند کرتا ہے اور مسلمانوں کے لئے وہ ہی ناپسند کرے جو اپنے لئے ناپسند کرتا ہے تم آگے چلو اور جب تم مکہ کے پاس پہنچ جاؤ تو اس کے بائیں جانب چلو وہاں تم کو پانی ملے گا ان میں سے کسی نے کہا کہ یہ شیطان معلوم ہوتا ہے دوسرے نے کہا کہ شیطان اس طرح کبھی نہیں بتلا سکتا یہ تو مومن جن ہے پس وہ وہاں گئے اور انہیں وہیں پانی ملا۔حضرت عمر ابن عبدالعزیزؒ نے ایک مردہ جن کو دفن کیا تھا اور آپ نے سنا تھا کہ کوئی کہنے والا کہہ رہا تھا کہ حضورﷺ نے فرمایا تھا کہ تو (مرا مردہ جن ہے) سفر میں مرے گا اور تجھ کو ایک نیک صالح مومن دفن کرے گا۔

## جنات کا انسان سے علم حاصل کرنا اور ان کا انسان کو فتویٰ دینا

وہب ابن منبہ فرماتے ہیں کہ میں اور حسن بصری ہر سال حج کے موقع پر مسجد خیف میں ملا کرتے تھے اور جب سب لوگ سو جایا کرتے تھے تو ہم اپنے ساتھیوں سے باتیں کرتے تھے اور ایک رات ہم اکٹھے بیٹھے ہوئے تھے کہ اچانک ایک پرندہ اڑتا ہوا آیا اور وہب کے حلقہ میں جا پڑا اور وہب کو سلام کیا وہب نے سلام کا جواب دیا اور جان گئے کہ یہ کوئی جن ہے پھر وہ آگے بڑھا اور باتیں کرنے لگا وہب نے معلوم کیا کہ تو کون ہے تو اس نے کہا کہ میں ایک مسلمان جن ہوں وہب نے کہا کہ کیوں آیا ہے اس نے کہا کہ کیا آپ ہمارے آپ سے علم حاصل کرنے سے اور آپ کے پاس بیٹھنے سے ناخوش ہیں۔ہمارے بہت سے لوگ آپ سے حدیثیں روایت کرتے ہیں اور ہم لوگ جہاد میں نماز میں اور مریضوں کی عیادت میں اور جنازوں میں اور حج وعمرہ میں آپ کے ساتھ شریک رہتے ہیں۔ ہم لوگ آپ سے علم حاصل کرتے ہیں اور قرآن سنتے ہیں۔حضرت وہب نے اس سے معلوم کیا کہ تمہارے کون سے راوی افضل ہیں اس نے کہا کہ حضرت حسن بصری سے روایت کرنے والے راوی افضل ہیں جب حضرت حسن بصری نے حضرت وہاب کو کسی اور طرف مصروف دیکھا تو ان سے دریافت کیا کہ آپ کس سے باتیں کر رہے ہو حضرت وہاب نے پوری گفتگو دہرائی اور یہ بھی بتلایا کہ آپ سے روایت کرنے والے جنات کو جنات سب سے افضل مانتے ہیں۔حضرت حسن نے سن کر فرمایا تجھ کو قسم ہے یہ بات کسی سے ذکر نہ کرنا ورنہ لوگ اس کو خودساختہ بات کہیں گے۔حضرت وہب فرماتے ہیں کہ اس کے بعد سے وہ جن ہر سال حج کے موقع پر مجھ سے ملتا تھا اور حدیثیں سنتا تھا ایک مرتبہ وہ مجھے طواف کرتے ہوئے ملا جب طواف سے فارغ ہو گئے تو مسجد کے ایک کونے میں بیٹھ گئے میں نے اس جن سے کہا کہ اپنا ہاتھ دکھلا اس نے اپنا ہاتھ میری طرف کر دیا میں نے اس کے ہاتھ پر بلی کے پنجے کی طرح پایا اس پر بال تھے پھر اس نے کہا کہ آپ بھی اپنا ہاتھ دکھلائے جس طرح میں نے آپ کو دکھلایا ہے میں نے اس کو اپنا ہاتھ دے دیا اس نے زور سے دبایا کہ خدا کی قسم میری چیخ نکلنے کو ہوگئی اور وہ ہنسنے لگا حضرت وہب فرماتے ہیں کہ اس کے بعد میری اس سے ملاقات نہیں ہوئی شاید وہ مر گیا یا اس کو قتل کر دیا گیا آپ نے اس سے یہ بھی دریافت کیا کہ تمہارے نزدیک کون سا جہاد افضل ہے اس نے کہا کہ مسلم جنات کا کافر جنات سے جہاد کرنا یہ افضل ہے۔


یحییٰ ابن ثابت فرماتے ہیں کہ میں حفصی طائفی کے ساتھ منیٰ میں تھا ہم نے ایک سفید ڈاڑھی والا بوڑھا دیکھا کہ وہ لوگوں کے سامنے فتویٰ دے رہا ہے مجھ کو حفصی نے کہا کہ اے ایوب اس کو دیکھ رہے ہو یہ عفریب جن ہے ہم دونوں اس کے قریب پہنچے جب اس نے حفصی کو دیکھا اپنا ہاتھ ان کے پیروں پر رکھ دیا آپ نے اس پر غصہ کیا اور لوگ بھی آپ کے ساتھ ہو گئے آپ نے کہا کہ لوگو یہ عفریب جن ہے پھر وہ بھاگ گیا۔

## جنات کا انسان کو وعظ اور نصیحت کرنا

ابن الاسود فرماتے ہیں کہ میں نے ابوحنیفہ عبدی کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا کہ میرا ایک چھوٹا بچہ مر گیا تھا مجھ کو اس کی وجہ سے سخت رنج ہوا حتیٰ کہ میری نیند اڑ گئی ایک رات میں چارپائی پر بیٹھا ہوا تھا اور اپنے بیٹے کی فکر میں تھا اور گھر میں میرے علاوہ کوئی نہیں تھا کہ اچانک مجھے گھر کے کونے میں سے سلام کی آواز آئی میں نے جواب دے دیا مگر مجھے سخت اندیشہ لاحق ہوا پھر اسی سلام کرنے والے نے سورۃ آل عمران کی آخری آیتیں پڑھیں پھر مجھے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ اے خلیفہ تو اپنے بیٹے کو ہمیشہ کے لئے رکھنا چاہتا تھا خدا کے ہاں تیرا مرتبہ بڑا ہے۔

# لکیروں کے راز

تحریر: خضر عباس بیاسی (راجن پور)




## ہاتھ کے کچھ دیگر نشان

ہاتھ کے دونوں نقشے اوپر دیئے گئے ہیں۔ لیکن ہاتھ میں کئی قسم کے اور دوسرے نشان بھی دیکھے جاتے ہیں۔ ان میں سے آٹھ مشہور نشان یہ ہیں۔ (۱) داغ (۲) پنچھتر (۳) ٹاپو (۴) سم کون (۵) کون (۶) ترجھج (۷) کنگ (۸) جال

ان نشانوں کی تصویریں نقشہ میں دی ہوئی ہیں۔ اس کی مدد سے عالم لوگ ان نشانوں کی شکلیں سمجھ سکتے ہیں ان نشانوں میں سے پنچھتر، ٹاپو سم کون اور ترجھج یہ پانچ اشبھ ہیں، داغ، کنگ اور یہ جال یہ تین نشان اشبھ ہیں۔ جو نشان جس ریکھائے ہو یا درمیان ہو، وہ اسی ریکھا کے پھل کو نیک و بد بنائیگا۔ اشبھ نشان جس ریکھا کے نزدیک ہوں گے۔ اسی پھل میں برائی پیدا کریں گے۔

اسی طرح اشبھ نشان بھی اپنا پھل دکھائیں گے۔ اگر مندرجہ بالا نشانوں میں سے کوئی نشان کسی گرہ کے پھل پر بھی اس نشان کا اثر پڑیگا۔ مثلاً بدنشان اسی گرہ کے پھل اپنی برائی کو ظاہر کریگا۔ اسی طرح اشبھ نشان اس گرہ کے اشبھ پھل میں سدھا اور اشبھ پھل میں ترقی کرے گا۔

پرماتما نے جو کچھ نصیبوں میں لکھا ہے، وہی عملی طور پر انسان کی زندگی میں واقع ہوتا ہے۔ اسکے برخلاف کچھ نہیں ہوسکتا۔ پرماتما نے انسان کے جسم کی شکل وشباہت اور اس کی ساخت وبناوٹ کے ایسے نشانات ڈھالے ہیں۔ جس سے اس کی خاصیت اور ماہیت بخوبی معلوم ہوسکتی ہے۔ یہ قدرتی نقش ونگار جن کو پرماتما نے ہر ایک انسان کے جسم پر اس کی تقدیر کے موافق کھینچے ہیں تا کہ عقل مند ان کی خاصیت اس کے نقش ونگار سے واقف ہوجاوے۔ ہاتھ اور انگلیوں کی سیدھی وٹیڑھی لکیریں ہتھیلی کی بناوٹ، ناخنوں کے رنگ اور بناوٹ کے دیکھنے سے تقدیر معلوم ہوسکتی ہے۔

**کلائی کی بناوٹ:** ۔ کلائی پر لائن یعنی ریکھا کا ہونا خوش قسمتی کی علامت ہے۔ اگر تعداد میں فقط ایک ہی ریکھا ہو تو وہ اس انسان کی عمر صرف ۳۰ سال ظاہر کرتی ہے اور اگر لائن ہوجاوے تو اس سے دوگنی عمر ظاہر کرتی ہے۔ اسی طرح سے جتنی ریکھائیں کلائی پر ہوجاویں اسے دگنا کرتے جائیں۔ یعنی اگر چار ریکھائیں ہوجائیں تو وہ ایک سو بیس سال کی عمر ظاہر کریں گے۔

**ہاتھ سے پہچان:** ۔ سخت ہاتھ والا حکومت کرنے میں یاور ہوگا۔ نرم ہاتھ والا آرام طلب ہوگا۔ نرم اور پھیلے ہاتھ والے ست طبیعت اور سند بھاگ ہونے کی علامت ہے۔ سخت اور مضبوط ہاتھ والا صبر اور پھرتی والا ہوگا۔ چھوٹا ہاتھ زندگی غلامی میں گذارنے کی علامت ہے۔ لمبے ہاتھ والا چھان بین کی لیاقت سے زندگی عمدہ بنانے والا ہوگا۔ لمبا۔ بدنما اور سخت ہاتھ جلاد۔ بے رحم اور بری قسمت والا ہوگا۔ ہاتھ پاؤں چھوٹے مطلب ہرست اور منحوس مانا گیا ہے۔ صاف اور عمدہ ہاتھ والا عقل شرافت کو ظاہر کرتا ہے۔

**ہاتھ کے چھ درجے:** ۔(1)روحانی ہاتھ(2)سپاٹ ہاتھ(3)متفرقہ ہاتھ(4)مثلثی ہاتھ(5)مربع ہاتھ(6)منطقی ہاتھ

**روحانی ہاتھ:** ۔جس کی انگلیوں کے جوڑ معلوم ہی نہ ہوں۔اور ناخن کی پورنوکیلی ہو۔تو ایسا انسان جو قسمت کریگی دیکھا جائے گا کے قول کا عادی ہوتا ہے۔

**سپاٹ ہاتھ:** ۔جس کی انگلیوں کے درمیانی جوڑ موٹے اور سرے گول ہوں تو ایسا انسان محنتی ارادہ کا پکا۔جس بات پر اڑے پیچھے نہیں ہٹتا۔

**متفرقہ ہاتھ:** ۔جس کا انگوٹھا چھوٹا اور انگلیاں تراشی ہوئی ہوں ایسا شخص قدرتی عقل منداور ڈرپوک ہوتا ہے۔

**مثلثی ہاتھ:** ۔جس کی انگلیوں کے سرے چھوٹے ہوں۔حکومت کا خواہش منداور ارادہ کا ہوتا ہے۔

**منطقی ہاتھ:** ۔جس کا انگوٹھا لمبا انگلیوں کے جوڑ باہر کو یا موٹے ہوں، تو ایسا شخص معاملات کی جڑ تک پہنچنے والا ہوتا ہے۔

**ہاتھ دیکھنے کا طریقہ اوروقت:** ۔مرد کا دایاں ہاتھ اور عورت کا بایاں ہاتھ دیکھنے کلئے علاوہ دونوں ہاتھوں کا بغور مطالعہ کرنا چاہیے۔غذا کھانے کے بعد رات کے وقت نیز کم روشنی میں ہاتھ دیکھنا اور نہ ہی دکھانا چاہیے۔بعد ورزش یا کسی بوجھ اٹھانے کے اور نہ ہی کسی مشینی اشیاء کو استعمال کے بعد ہاتھ نہیں دکھانا چاہیے، ہاتھ دیکھتے وقت پہلے عمر کی ریکھا کو دونوں ہاتھوں میں سے غور سے دیکھنا چاہیے۔ہاتھ کو غور سے دیکھو اور خیال رکھو کہ بعض لوگوں کے ہاتھوں میں باعث محنتو مشقت زائد ریکھا بھی بڑھ جاتی ہیں۔ایسے لوگوں کے ہاتھ دیکھنے میں زیادہ احتیاط رکھنی چاہیے۔

**پشت ہاتھ دیکھنے کا طریقہ:** ۔جس مرد کے ہاتھ کی پشت پر بال معلوم نہ ہوں کوئی بھی نس ابھری ہوئی ہو نظر نہ آئے اور پشت کی اونچائی زیادہ ہو، تو وہ انسان خوش قسمت ہوتا ہے اور اگر کسی عورت کے ہاتھ کی پشت پر بال ہوں اور نسیں بھی ابھری ہوئی نظر آئیں اور اونچائی نہ ہو تو وہ بدنصیب عورت ہے یا جلد بیوہ ہوگی۔زیادہ بالوں اور نسیں ابھری ہوئی والا ہاتھ غریبی کی علامت ہے۔پشت پر زیادہ بال دھوکہ باز اور چالاک ہونے کی نشانی ہے۔بالکل بال نہ ہونے سے بے وقوف ہونے کی علامت ہے چھوٹے چھوٹے یا نا معلوم بال نہ ہونے سے عقلمندی اور بات کی تہہ تک پہنچنے اور آرام پسند ہونے کی علامت ہے۔عورت کے ہاتھ کی پشت پر بالوں کا ہونا اس کی بے رحمی کو ظاہر کرتا ہے۔انگوٹھے پر بالوں کا ہونا علقمندی کا نشان ہے۔انگلیوں کے گانٹھ یعنی جوڑوں پر بالوں کا ہونا دل کی سختی کی علامت ہے۔انگلیوں کی پشت پر بالوں کا ہونا ظالم اور بدکار ہونے کی علامت ہے۔

**ہتھیلی کی پہچان:** ۔جس کی ہتھیلی بھاری یا موٹی ہو۔لالچی اور معمولی درجہ کی زندگی کی نشانی ہے۔لاغر یا کمزور ہتھیلی غریبانہ حالت اور غریبانہ روزگار ہونے کی علامت ہے لمبی ہتھیلی فقط ظاہر کرنے کی طاقت ہی ظاہر کرتی ہے۔دیگر لمبی یا گول ہتھیلی حکمران وخوشگذران ہونے کی دلیل ہے۔کوئی آدمی ایسا نہ ہوگا جس کے ہاتھ میں ٹیڑھے خط نہ ہوں اگر بر تقدیر کوئی ایسا آدمی جس کے ہاتھ میں بالکل کوئی ریکھا نہ ہو تو اول اس کی زندگی محال ہوتی ہے۔اگر کسی اور علامت سے وہ زندہ رہ جائے تو براسفاک اور ظالم ہوتا ہے۔اور اگر کسی کے ہاتھ میں قدرتا ریکھا بہت ہوں تو وہ شخص نفس اور تنگ دست ہو،اور اگر ریکھا گہری اور چکنی اور دراز ہو تو ہر ایک کام میں کامیابی حاصل ہو۔پس ہاتھ کو غور سے دیکھو۔

**ہاتھ کی ہتھیلی کی رنگت سے پہچان:** ۔سفید رنگ کی ہتھیلی والا اسوار یعنی خودغرض وخود پسند ہوتا ہو۔دوسروں کا کام نہ آئے۔سرخ رنگ کی ہتھیلی والا دولت مند صاحب جائیداد ہو۔زرد رنگ طبیعت میں گرم مزاجی، غیر عورتوں سے ناجائز تعلق پیدا کرے۔سیاہ رنگ طبیعت کا کف بنی، بزدل اور دکھی رہے۔مشینی اشیاء کا استعمال کرے۔بھوسلا رنگ غریبی کی علامت ہے۔سست وکاہل ہو گلابی رنگ قسمت کو آور ہے۔اقبال مند انصاف پسند دانا اور عاقل ہو۔

**ناخنوں سے پہچان:** ۔ناخن 9 مہینے میں ہورے ہو جاتے ہیں۔اس لئے پھٹے ہوئے ناخنوں سے بیماری کا پتہ چل جاتا ہے۔ناخن گول ہونا علم وہنر والا اثر مسار ہونے کی علامت ہے۔چوڑے ناخن پٹھوں کی بیماری کو ظاہر کرتے ہیں۔چھوٹے ناخن تنگ دل لالچی اور جلد باز ہونے کی نشانی ہے۔ار بہت ہی چھوٹے ناخن بے عقلی کو ظاہر کرتے ہیں۔لمبے ناخنوں سے پھیپھڑے کی بیماری یعنی تپ دق، دمہ چھاتی کی بیماری کا پتہ چلتا ہے۔اگر لمبے ناخنوں میں نیلے پن کی جھلک دکھائی دے تو جسم میں خون کی کمی دل کی کمزوری ظاہر کرتے ہیں۔

**ناخنوں کی رنگت سے پہچان:** ۔سبز رنگ سے شریر فسادی۔نیلا یا سفید رنگ سے خون کی کمی۔بیمار۔زرد رنگ سے دل کی بیماری۔سیاہ رنگ سے عمر بھر کم دولت اور غرضیکہ سونے یا سکہ کا رنگ سے پریشانی علامت ہے۔

**انگلیوں کی پوریوں سے پہچان:** ۔انگوٹھے کی دو اور باقی کی تین تین پوریاں ہوتی ہیں۔انگلیوں کی پوریوں پر سیدھی اور کھڑی باریک لکیریں اوپر کی طرف اٹھی ہوئی خوش قسمت کی علامت ہے اور اسی سے انسان کا بچپن، جوانی اور بڑھاپے کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ مالی حالت کیا ہوگی۔

**انگلیوں کی لکیروں سے تین باتوں کے حالات معلوم کرنا:** ۔پہلا پوری ناخن والی سے عقل اور فہم اور علم وروحانی یعنی بدھی وعادات ۔دوسری پوری سے دماغی ودکانی حالات ۔ تیسری سے بیوپار روزانہ یعنی بیوپار تجارت اور روزگار کی پہچان کی جاسکتی ہے۔پوری اول لمبی مضبوطی اور موٹی ہو تو اس کا دماغ قانون قدرت کا قائل ہوگا۔پوری نمبر۲ لمبی اور مضبوط موٹی ہو تو اس کی خواہشات وسیع ہوگی۔ہر ایک کام سوچ سمجھ کر کرے گا۔پوری نمبر۳ مذکورہ بالا پوریوں کی نسبت لمبی زیادہ اور موٹی ہوں تو دنیاوی آرام کا خواہشمند اور عیش پسند ہوگا۔

**انگلیوں کی زاشیاں:** ۔انگلی نمبر اول جو کہ انگوٹھے کے ساتھ والی ہے اس کی انگلی کی پہلی پور سرطان، دوسری قوس اور تیسری پور حوت
دوسری انگلی کی پہلی پور جوزا دوسری پور میزان اور تیسری پور دلو
تیسری انگلی کی پہلی پور ثور دوسری پور سنبلہ اور تیسری پور جدی
چوتھی انگلی کی پہلی پور حمل دوسری پور اسد اور تیسری پور عقرب

**ہاتھ کے انگوٹھے سے علامات دریافت کرنا:** ۔انگوٹھے کے ناخن والا حصہ اگر بڑا ہو تو بہادری وجوان مردی کی علامت ہے۔مگر ایسا شخص مطلبی اور خود غرض ہوتا ہے۔تجربہ بتلاتا ہے کہ اگر اس حصہ کے جوڑ میں عرض ونشان مثل دانہ جو کے ہو تو بتلا دو کہ آپ کی پیدائش چاندنی حصہ کی ہے ۔اگر یہ جو پورا ہو تو دولت مند خوش گذران ہو۔اور اگر کسی جگہ سے ٹوٹا پھوٹا ہو تو ہمیشہ سفر میں رنج تکلیف اٹھائے گا۔دیگر اگر اس پورے میں ایک خط مانند (ا) کے سیدھا ہو تو وہ بڑا پرہیزگار ،عابد، راست گو اور صاحب کمال ہو۔انگوٹھے کا درمیانی پورو ے کا حصہ متعلق دانائی اور عقلمندی کے ہے۔اور اگر نسبت دوسرے حصوں کے یہ حصہ بڑا ہو تو جان لو کہ یہ شخص بڑا دانا عقلمند بلکہ عالم فاضل اور لکچرار ہے۔انگوٹھے کا سب سے نیچے کا حصہ نفس سے متعلق ہے۔اگر یہ حصہ نسبت اوپر کے حصوں کے بڑا ہو تو جان لو کہ یہ شخص عورتوں سے زیادہ الفت رکھے۔

**ہاتھ کی انگلیوں سے پہچان:** ۔عموماً ہاتھ کی پانچ انگلیاں ہوتی ہیں۔اور اگر تعداد میں چھ ہو جائیں تو کم عمر اور مند بھاگ ہوگا۔ورنہ لمبی عمر اور خوشحال ہوگا۔اول کا نام ترجنی۔دوسری کا نام مدھما۔تیسری کا نام انامکا۔اور چوتھی کا نام کنشٹکا ہے۔ہاتھ کی انگلیاں بالکل صاف اور بالکل سیدھی ہوں تو خوش قسمتی کی علامت ہے۔ترجنی حکومت کی انگلی ہے۔اس سے ارادہ کی پختگی کا پتہ چلتا ہے۔مدھما سنیاس علیحدگی گوشہ پسندی ظاہر کرتی ہے۔ہنرمندی کی نشانی ہے۔دماغی قابلیت ہونے کی علامت ہے۔بشرطیکہ یہ سب بالکل سیدھی ہوں۔ٹوٹی اور مدھم لکیریں ناقص خیال کی جاتی ہیں۔

**ہاتھ کی لکیروں کی بناوٹ کے حالات:** ۔ہاتھ کی لکیریں یوں تو بہت سی ہیں مگر اس وقت صرف آٹھ لکیروں کے متعلق ذکر کرتے ہیں۔

(ا) آیو (۲) مستک (۳) ہیہ کرن (۴) بھاگیہ (۵) دویا (۶) اروگیہ یعنی تندرستی (۷) چندرماں (۸) معاون لکیر۔آیو لکیر انگوٹھے اور اس کے ساتھ والی انگلی کے درمیان میں سے نکل کر کلائی کی طرف انگوٹھے کے نچلے حصے کی اونچائی کو گھیر کر کلائی تک آگئی ہے۔اس سے آئندہ لاحق ہونے والی بیماریوں کی پہچان ہوتی ہے۔یہ لکیر لمبی اور مکمل کلوئی تک ہو نہ گہری اور نہ ہی زیادہ فراخ ہو۔دیکھنے میں خوبصورت رنگت میں گلابی ہو۔کہیں بھی کسی قسم کا داغ نہ ہو۔اور دوسری جگہ سے کٹی ہوئی نہ ہو۔ایسی لکیر رکھنے والے کی عمر دراز تندرست سکھی مضبوط ہونے کی علامت ہے۔بشرطیکہ بائیں ہاتھ میں بھی یہ لکیر ایسی ہی ہو،اگر کم وبیش ہو جاؤ تو اس کو ناپ لینا چاہیے۔ایک ہاتھ میں اس لکیر کا راستہ میں ہی ٹوٹ جانا طبیعت کے پریشان یعنی علیل رہنے کی علامت ہے۔اور دونوں ہاتھوں میں اس لکیر کا ٹوٹ جانا لازمی اور یقینی موت کی دلیل ہے۔

(۲) مستک لکیر کا تعلق دماغی قوتوں عقل وغیرہ سے ہے۔یہ لکیر انگوٹھا اور ساتھ والی انگلی کے درمیان، ورایو لکیر سے اوپر کی لکیر ہے۔عمدہ خط دماغ سیدھا۔بے عیب نہ زیادہ لمبا اور نہ چھوٹا جو خط زندگی کے آغاز سے شروع ہو کر ہتھیلی کے دوسرے سرے سے ذرا دور ہی ختم ہو صحیح الدماغ ،کامیاب اور ہی صفت موصوف ہوتا ہے اور ہتھیلی کے دوسرے کنارے تک پہنچا ہوا خط خود غرض ہونے کی دلیل ہے۔

(۳) ہیہ کرن لکیر اس لکیر کا تعلق کیفیت نفس اور طبعی رجحان کے ساتھ ہے۔یہ چوتھی یعنی چھوٹی انگلی جس کا نام کنشٹکا ہے جیسا کہ شکل سے ظاہر ہے کہ جس جڑ کے پاس مقام عطارد کے نیچے سے شروع ہو کر مقام مشتری یعنی ترجنی کے نیچے پہنچتی ہے۔اس لکیر کے ذریعہ دل کی محبت کا پتہ چلتا ہے۔یہ لکیر لمبی صاف وباریک ہونی اچھی ہے شاخوں والی ہونے سے دل کی کمزوری ظاہر کرتی ہے۔دل کی لکیر کا خاتمہ پر دو شاخی ہونا بینائی میں فرق آنے کی دلیل ہے۔

نمبر۴۔بھاگیہ لکیر۔یہ لکیر چار مقاموں سے شروع ہوتی ہے۔اول کلائی سے شروع ہو کر ہتھیلی کے درمیان سے گزر کر سیدھی درمیانی انگلی کی جڑ کے پاس یعنی زحل کے مقام پر ختم ہوتی ہے۔دوئم ایو لکیر کے پاس سے بھی شروع ہوتی ہے۔سوئم مقام قمر سے بھی نکلتی ہے۔چہارم مریخ کے میدان سے بھی شروع ہوتی ہے بعض ہاتھوں پر یہ لکیر بالکل نہیں ہوتی۔اس سے یہ مطلب نہیں سمجھنا چاہیے کہ ایسے آدمی کا بھاگیہ لکیر کے نام سے بھی پکارا جاتا ہے۔

نمبر۵: **شمسی لکیر** جسے دویا لکیر اور بھاگیہ لکیر کے نام سے بھی پکارا جاتا ہے۔ یہ لکیر بھاگیہ کے خوش قسمتی ہونے میں بھی مدد دیتا ہے اور بڑی کے ساتھ والی انگلی کے نیچے ہوتی ہے۔ یہ لکیر باریک سیدھی اور صاف ہونی چاہیے۔ ٹوٹی ہوئی لکیر یا مدھم لکیر بھاگیہ اور دویا کی کمی ہونے کی نشانی ہے۔ صاف لکیر سے پورا ودوان عالم فاضل و مشہور معروف ہوتا ہے۔

نمبر۶ **صحت کی لکیر** اس لکیر سے جیسا کہ اس کے نام سے بظاہر ہے انسان کی جسمانی صحت کا پتہ چلتا ہے۔ یہ لکیر کلائی سے نکل کر سب سے چھوٹی انگلی کے نیچے مقام عطارد تک پہنچتی ہے اس سے تندرستی ظاہر ہوتی ہے۔ اور اگر آدمی تندرست رہے گا تو وہ بھی بیکار نہیں رہے گا۔ بلکہ ہر وقت کسی نہ کسی کام میں لگا رہتا ہے۔ اس لئے حکمائے فلاسفہ نے کہا ہے کہ ایسا انسان ہر وقت خوش و خرم ہی نظر آئے گا۔

نمبر۷: **قمری لکیر** لکیر نمبر۶ کے پاس مشرق کی جانب انگلی نمبر۴ کے نیچے لکیر نمبر۳ سے نکل کر مریخ اور قمر کے مقام کو گھما کر نصف چاند کی مانند لکیر والا صاحب ہاتھ۔ وید باکمال 'انجینئر' 'ڈاکٹر' خوش قسمت ہونے کی دلیل پیش کرتا ہے۔

نمبر۸ **معاون لکیر زندگی** یہ لکیر جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے عمر لکیر کی مددگار ہے۔ عمر لکیر کی مددگار ہی نہیں بلکہ انسان کی تمام عمر یا زندگی کی مدد ظاہر کرتی ہے۔ یہ لکیر ہاتھ کے ابھار کے ساتھ ساتھ ہی چکر کاٹتی ہوئی کلائی کے پاس جا کر ختم ہوجاتی ہے۔ غرضیکہ ایسا آدمی ہر طرح سے سکھ پاتا ہے۔

### ہاتھ کی چھوٹی چھوٹی لکیروں کی پہچان:

۔مقام عطارد پر کنشٹکا یعنی سب سے چھوٹی انگلی کے نیچے کنارے پر شادیوں کے متعلق لکیروں کی پہچان ہے۔ اس کے کنارے پر جس قدر بڑی اور صاف لکیریں ہوں گی۔ اتنی ہی شادیاں ہوگی۔ دو لکیروں سے زیادہ تعداد کی حالت میں عورتوں کی تعداد شادی کی تعداد لکیروں کی کل تعداد ایک سے کم یعنی تین لکیروں سے دو دفعہ شادی اور چار کیلئے تین دفعہ شادی ہونے کی دلیل ہے۔ شادی کی لکیر کے اوپر نہایت باریک باریک سیدھے خط لڑکے اور دوشاخی لکیریں لڑکیاں اول نر مادہ اولاد دیکھنے کیلئے ہوگا۔ صاف و درست اور صحیح خط قائم اولاد مدھم اور کٹے ہوئے خط اولاد مر جانے والی ظاہر کرتی ہے۔ مشتری کے سیدھے کھڑے مقام عطارد پر شادی لکیر کے اوپر اولاد کی کل تعداد ظاہر کرتے ہیں۔ یہی خط دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کی جڑ میں مرد کے تعلق سے اولاد اور بائیں ہاتھ سے عورت کی اولاد مریخ' عطارد کے کنارہ پر مددگار اولاد آبی بروج کے کنارے پر عمر والی اولاد جو دیرپا زندہ رہنے کو ظاہر کرتی ہیں۔ بھائیوں کی لکیر ہاتھ کی کلائی سے اوپر اور انگوٹھے کے درمیان ہتھیلی کے کنارے پر یہ لکیر ہوتی ہے۔ جو لکیر گہری اور موٹی ہو اس قدر بھائی ہوں گے۔ جس قدر باریک اور مدھم ہوں گی اس قدر ہمشیرہ ہوں گی ٹوٹی پھوٹی لکیروں سے بیماری لمبی اور نمایاں ہوں، تو بھائی زندہ رہیں۔ اگر شکستہ ہوں تو اس قدر مرے ہوئے جاننے چاہئے۔ اور اگر ٹیڑھے ہوں تو بھائیوں سے موافقت نہ رہے۔

### ہاتھ کی انگلیوں کے اوپر نشانات کے حالات:

۔یوں تو ہاتھ کے کسی حصہ پر ستارہ کا نشان ہونے سے نحوست اور پریشانی کی علامت ہوتی ہے۔ مگر انگوٹھے کے اوپر ستارہ کا نشان ہو تو زن منکوحہ سے رنج اور اگر ترجنی انگلی یعنی مقام مشتری پر ستارہ ہو تو عورتوں کی طرف رغبت رکھے۔ اور اگر سب سے بڑی انگلی کی جگہ پر (جو کہ درمیان میں ہوتی ہے) اس جگہ پر ستارہ ہو تو نحوست و پریشانی سے بسر اوقات کے علاوہ تنگ دست ہو۔ بڑی کے ساتھ والی انگلی یعنی شمسی مقام پر ستارہ ہو، تو دولت مندی ظاہر کرتا ہے۔ کنشٹکا یعنی مقام عطارد پر ستارہ ہو تو جنگ و جدول میں مارا جائے۔ اس کے علاوہ بھی انگلیوں پر طرح طرح کے نشانات مثلاً سنگھ۔ چکر۔ سیپ۔ جو وغیرہ کے نشانات ملتے ہیں۔

### لکیروں کے ذریعے سے حالات معلوم کرنے کا طریقہ:

۔جو لکیر مکمل طور پر مطابق نقشہ کے ہوں حکماء فلاسفہ کے فرمان سے اس کی عمر سو سال کا اندازہ لگا کر ان کے ناپ سے ۷ یا ۱۴ حصہ بنالیں، مگر خیال رہے کہ اس زمانے میں سو سال کی عمر تو کوئی ہی گزارتا تھا۔ اس لئے اندازہ کے لئے تقریباً ۷۵ سال کی عمر کا اندازہ لگائیں۔ ان حصوں میں لکیر پر کوئی حصہ ٹوٹا ہو یا زنجیر وغیرہ یا کراس کا نشان پایا جائے تو اس حصہ میں عمر ضرور جسمانی اور مالی تکلیف ہوگی۔ آپ اپنی عقل اور تجربے سے ان حصوں کے حصے بنالیں ہر ایک لکیر کا ۷۵ حصہ بنالیں۔ جس حصہ پر مذکورہ بالا نشان پاؤ گے۔ عمر کے ۷۵ سال بنا کر اس حصہ کے سال کا پتہ چل جائے گا۔ اسی طریقے سے ہر ایک لائن کو ناپا اور برے و اچھے وقت کا پتہ آپ دریافت کر سکتے ہیں۔

### اچھا یا برا سال دریافت کرنے کا طریقہ:

۔اپنے پیدائش کے سال کو اپنے داہنے ہاتھ کی انگلی نمبر۴ یعنی کنشٹکا کی پوری اوّل یعنی ناخن والی پوری سے شمار کریں۔ انگلی کی تین پوریاں ہوتی ہیں۔ پانچوں انگلیوں کی پندرہ۔ داہنے ہاتھ کی انگلی سے شمار کرکے جب پندرہ ہوجائیں، تو بائیں ہاتھ سے اسی طریقہ سے شمار کریں۔ جب وہاں سے بھی ختم ہوجائیں، تو پھر داہنے ہاتھ پر آجائیں۔ جس سال کا حال دریافت کرنا ہو وہ سال جس انگلی کے پور پر ختم ہوا سی پوری پر جو تین کونہ اور چکر کا نشان ہو تو وہ سال اچھا گزرے گا۔ اگر وہاں کوئی ٹوٹی ہوئی لکیر ہو یا خراب نشان ہو، تو سال کا نتیجہ منحوس ہوگا۔

# آثار مراقبہ

تحریر
ڈاکٹر محمد شفیق
نشتر ہسپتال
ملتان

تیز روشنی کا ایک ہالہ مجھ پر چھا گیا اس میں ایک قوت تھی یہ مجھے کھینچ کر ایک سمت کو لے گئی۔ کچھ وقت گزرنے کے بعد میں دریائے چناب کے کنارے کھڑا تھا۔ ایک آواز آئی شہر میں اور بھی ایسے تین چار لوگ ہیں ان سے رابطہ کروں۔ ان کو چھوڑ دو ہماری طرف آؤ'' میں نے بلند آواز سے پوچھا ''کون ہیں''؟ کون ہیں آپ؟ کوئی جواب نہ ملا میرے سامنے سے دریا کا پانی ختم ہو گیا تھا۔ گیلی زمین پر پاؤں کے بے شمار نشان ثبت تھے۔ سامنے کنارے سے چار آدمی سفید لباس میں ملبوس دیہاتی وضع قطع میں ایک قطار میں چلتے ہوئے اس مقام سے دریا کو عبور کرتے ہوئے میری جانب چلے آرہے ہیں۔ اسی دوران ہالہ کی روشنی دریا کے دوسرے کنارے کی جانب بہنے لگی۔ میرے جسم پر اس کا دباؤ بڑھتا جارہا ہے کہ میں دریا کے کیچڑ میں گر پڑوں گا۔ سامنے سے آنے والے دیہاتیوں کی جانب نظر جاتی ہے وہ خاموشی سے چلتے آرہے ہیں۔ دل میں خیال آیا کہ یہ دیہاتی بھی عجیب لوگ ہیں جہاں دیکھتے ہیں دریا کو عبور کرنا شروع کردیتے ہیں۔ پانی آیا تو ڈوب جائیں گے۔ اسی اثنا میں یہ غائب ہوگئے روشنی کا ہالہ مجھ سے الگ ہو کر آسمان کی وسعتوں میں سما گیا۔ حضرت شاہ رکن عالمؒ کے مزار پر حاضری دی دوران مراقبہ آپؒ نے حضرت بہاؤالدین زکریاؒ اور حضرت موسیٰ پاک شہیدؒ کے مزارات مبارکہ پر حاضری کا حکم دیا۔ بندہ نے حسب الحکم بزرگوں کے مزارات پر حاضری دی۔ حضرت موسیٰ شہیدؒ کے مزار پر حاضری کے دوران آپؒ کی زیارت کا شرف حاصل ہوا۔ آپؒ ایک تخت پر تشریف فرما ہیں آپؒ کے دائیں بائیں دو اور نشست ہیں جو کہ خالی ہیں۔ آپؒ نے روشنی سے بنا اچکن نما لباس زیب تن فرمایا ہوا ہے۔ آپؒ کا سر مبارک تن سے جدا گردن سے کچھ بلندی پر موجود ہے۔ گردن سے روشنی نکل کر سر مبارک کی روشنی میں مل رہی ہیں۔ سر مبارک پر روشنی سے بنا ایک تاج رکھا ہے اس کی لڑیاں نیچے لٹک رہی ہیں۔ آپؒ کے سینہ مبارک پر چوکور (مربع) خانوں کا ایک نقش (ڈیزائن) بنا ہوا ہے۔ جو لباس کی خوبصورتی میں اور اضافہ کررہا ہے۔ اس کے بعد مستطیل شکل میں سفید سطح کا میز دکھایا گیا اس کے دونوں جانب دو دو کرسیاں رکھی ہیں۔ جو کہ خالی ہیں۔ ماحول میں دکھایا گیا وقت ''سہ پہر'' ہے۔ مجھے کہا گیا کھانا کھالو اس پر ایک بڑی پلیٹ میں تین بلند تہہ روٹیوں کی رکھی ہے۔ میں نے عرض کیا سالن کدھر ہے' آواز آئی یہ ہے ''گوشت پکا ہوا ہے'' میں نے سیر ہو کر کھانا کھایا پھر پانی کا ایک گلاس پینے کے لئے دیا گیا۔ کھانا مکمل ہوا آپؒ کی زیارت پھر ہوئی۔ آپؒ نے فرمایا حضرت شاہ رکن عالمؒ کے مزار پر جاؤ ان کو میرا اسلام کہنا۔ میرے بارے میں فرمایا ادھر بازار سے آنا جانا ہو تو حاضری دیا کرو پابندی سے کسی دن یا وقت کی کوئی قید نہیں ہے۔ جیسے سہولت ہو حاضری کے لئے آجایا کرو۔ تب سے یہ معمول اسی طرح چل رہا ہے۔ واپس آتے ہوئے حضرت شاہ رکن عالمؒ کے مزار مبارک پر سلام کے لئے حاضر ہوا آپؒ کا پیغام ''سلام'' آپؒ کی خدمت میں پیش کیا۔ آپؒ نے انتہائی خاموشی سے تبسم فرماتے ہوئے میرے کندھے پر تھپکی دی۔

آنے والے دنوں میں آپؒ (حضرت شاہ رکن عالمؒ) کی معیت میں سفر شروع ہوا۔ یہ راستہ مختلف ماہیت کی روشنی سے ترتیب دیا ہوا ہے۔ کہیں روشنی اپنی لطیف کیفیت میں ہے کہیں نیم ٹھوس شکل میں تہہ در تہہ موجود ہے۔ میرے اندر سے روشنی کا ہیولا نکل کر آپؒ ہمراہ اس راستہ پر روانہ ہوتا ہے ایک مقام پر روشنی نیم ٹھوس شکل میں ہے میں اس میں دھنس جاتا ہوں۔ جیسے کوئی دلدل ہو آپؒ کی آواز مجھے مسلسل راہنمائی فراہم کررہی ہے۔

''چلو آگے چلو'' میں زور لگا تا اس روشنی سے آگے بڑھتا جاتا ہوں۔ اس میں آہستہ آہستہ بلندی شروع ہو جاتی ہے۔ سامنے سوائے روشنی کے کچھ دکھائی نہیں دے رہا۔ آپؒ کی آواز سنائی دی ''چلو چلو آگے چلو'' دیر بعد یہ مرحلہ طے ہوا۔ نئے مقام پر میرے دائیں جانب ایک پہاڑی سلسلہ ہے۔ اس کے پہاڑ تاریکی میں ڈوبے ہیں۔ بائیں جانب روشنی کا بے کنار دریا موجزن ہے۔ اس کی لہریں پہاڑوں کی جانب بڑھتی ہیں۔ لیکن ان کے قریب آتے آتے ان میں ہلکا سا ارتعاش رہ جاتا ہے۔ میں گھٹنوں تک گہرے روشنی کے پانی میں چل رہا ہوں۔ ایک سیاہ سایہ کی لہر ان پہاڑوں کی جانب سے میری جانب آتی ہے۔ یہ میرے سامنے افق اور مجھ پر چھا جاتی ہے۔ یہ سایہ روشنی کے پانی کو مدھم کردیتا ہے۔ آپؒ کی آواز سنائی دی۔ ''خیال رہے خطرہ ہے'' ''آہستہ آہستہ چلتے رہو'' کچھ دیر بعد یہ سایہ غائب ہو گیا۔ اس نئے منظر میں آپؒ کی میں روشنی سے بنے چھوٹے اور بلند بالا سلسلہ کوہ میں ہوں۔ میرے سر پر گدھ منڈلانے لگتے ہیں۔

# علاج بذریعہ ادرک

تحریر:۔ حکیم نریندر رائے (انڈیا)

ادرک عام طور پر دال، ساگ، سبزی اور چٹنی میں استعمال کی جاتی ہے۔ سوکھ جانے پر یہ سونٹھ کہلاتی ہے دوا کے طور پر اس طرح استعمال کیا جاتا ہے۔

**کالی کھانسی دمہ:** ادرک کا رس ایک چھٹانک، شہد ایک چھٹانک ملا کر ذرا سا گرم کر کے پی لیں۔ سات روز میں آرام ہوگا۔

**کمی بھوک:** ۔ بھوک اچھی طرح نہ لگتی ہو۔ پیٹ میں ریاح بھرے ہوئے ہوں؛ قبض رہتا ہو۔ تو ادرک کو تراش کر ریاہ کریں۔ اور اوپر سے نمک چھڑک کر ایک دو ماشہ کھائیں۔ بھوک اچھی طرح لگے گی۔ ریاح ختم ہوں گے اور قبض رفع ہو جائے گی۔

**چورن ہاضمہ:** ۔ ہاضمہ کو درست کرتا ہے معدے کو طاقت بخشتا ہے۔ درد شکم اور کھٹے ڈکاروں کو از حد مفید ہے۔ سونٹھ اور اجوائن حسب ضرورت لے کر آب ادرک اس قدر ڈالیں کہ ادویات تر ہو جائیں اور سایہ میں خشک کر کے باریک پس کر قدرے نمک ملا کر محفوظ کر لیں۔ دونوں وقت چار رتی سے ایک ماشہ تک پانی کے ہمراہ دیا کریں۔ اس چورن کے استعمال سے معدہ کی تمام خرابیاں دور ہو کر صحت کلی حاصل ہوگی۔

**درد کان:** ۔ ادرک کا رس چار ماشہ، شہد دو ماشہ، سیندھا نمک ایک رتی، تل کا تیل دو ماشہ۔

پہلے نمک اور ادرک کا رس ملا لیں۔ پھر سب ملا کر اچھی طرح ہلائیں۔ تھوڑا گرم کر کے ساتھ آٹھ بوند کان میں ڈالیں۔ کان کا درد بند ہو جائے گا۔

**انفلوئنزا:** ۔ سفوف سونٹھ ایک چھٹانک، سفوف پپلی نصف چھٹانک، سفوف کاکڑہ سنگی ۳ چھٹانک، انفلوئنزا کی کھانسی کو روکنے کے لئے ایک سے ڈیڑھ ماشہ یہ سفوف شہد کے ساتھ تین بار چٹائیں۔

**قے:** ۔ ادرک اور پیاز کا رس ملا کر پینے سے قے بند ہو جاتی ہے۔

**آواز بیٹھ جانے پر:** ۔ ادرک کا رس اور شہد ملا کر چاٹنا چاہیے۔

**نزلہ وزکام:** ۔ ادرک کو چھیل کر اس کو باریک باریک تراش لیں۔ اور کڑاہی میں گھی ڈال کر اس میں بھونیں، اس کے بعد ادرک کے برابر وزن کھنڈ کی چاشنی میں ملائیں اور پکائیں جب قوام درست ہو جائے تو سونٹھ زیرہ سیاہ، مرچ سیاہ، ناگ کیسر، جاوتری، الائچی خورد، تج، پترج، پیپل، دھنیا، زیرہ سیاہ، پیپلا مول یا بڑنگ ہر ایک ادرک کا بارہواں حصہ لے کر کوٹ چھان کر ملائیں اور محفوظ کر رکھیں۔

مقدار خوراک:۔ ۶ ماشے سے ایک تولہ تک ہے۔

فوائد:۔ زکام و نزلہ میں مفید ہے۔ سردی کی وجہ سے آواز بیٹھ جائے تو اس کو کھولتا ہے۔ دم پھولنے کی شکایت اس سے دور ہو جاتی ہے۔ بھوک خوب لگتی ہے۔ پیٹ کا درد اور ریاحی کی شکایت جاتی رہتی ہے۔

**درد ریحی:** ۔ سونٹھ ڈھائی تولے نیم کوٹ کر کے تین پاؤ پانی میں آدھے گھنٹے تک پکائیں اس کے بعد چھان لیں اور آدھی آدھی چھٹانک یہ جوشاندہ تین تین گھنٹے کے وقفہ سے ۴ مرتبہ پلائیں درد ریحی کا یہ خاص علاج ہے۔

**سنگرہنی، پیچش، بدہضمی:** ۔ سفوف سونٹھ ایک چھٹانک، سفوف ہڑ ایک چھٹانک، کھانڈ پسی ہوئی ایک چھٹانک۔ بد ہضمی کے دست، سنگرہنی، پیچش اور معدہ کی کمزوری میں ایک ماشہ تک دن میں دو بار دیں۔

## علاج بذریعہ الائچی

الائچی دو طرح کی ہوتی ہے۔ ایک چھوٹی اور دوسری بڑی۔

چھوٹی الائچی کی تاثیر معتدل ہوتی ہے۔ (یعنی نہ گرم نہ سرد) دماغ، دل اور معدہ کو تقویت دینے والی ہے. جی متلانا، قے، دمہ، کھانسی ہچکی، کف، قبض وغیرہ کے لئے مفید ہے پیشاب کی جلن کو دور کرتی ہے اور پیشاب کو کھولتی ہے۔ یعنی کمی کو دور کرتی ہے۔ معدہ کے بیکار رس کو خشک کرتی ہے۔ دل خوش ہو اٹھتا ہے۔ پھیپھڑوں کو تقویت حاصل ہوتی ہے۔ پتھری کی شکایت دور کرنے کی استطاعت رکھتی ہے۔ پان کے ساتھ کھائی جاتی ہے۔

بڑی الائچی کی تاثیر گرم اور کچھ قبض کرنے والی ہوتی ہے۔ چستی عطا کرتی ہے۔ چھوٹی الائچی کے اوصاف کے برابر ہے۔ گرم مصالحہ میں ڈالی جاتی ہے۔ دوا کے طور پر استعمال کی جاتی ہے۔

**زیادتی پیاس:** ۔ اگر کسی کو پیاس زیادہ لگتی ہو تو مندرجہ ذیل نسخہ پر عمل کریں جو کافی فائدہ مند ہے۔

چار سیر پانی میں دو تولے چھلکے ابال کر جب پانی دو سیر رہ جائے ٹھنڈا کرنے کے بعد استعمال کریں آزمودہ نسخہ ہے۔